لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اسلامی کلمہ

اہلِ سنت اور اہلِ تشیع کے کلمہ پر تحقیقی مدلل اور بے مثال بحث

افادات

حضرت علامہ علی شیر حیدری صاحب دامت برکاتہم



ناشر: خلافتِ راشدہ اکیڈمی خیر پور سندھ


لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
اسلامی کلمہ
اہلِ سنت اور اہلِ تشیع کے کلمہ پر تحقیقی مدلل اور بے مثال بحث
افادات
علامہ حضرت علی شیر حیدری دامت برکاتہم

ضابطہ

اس کتاب کے جملہ حقوق بنام خلافت راشدہ اکیڈمی خیر پور سندھ محفوظ ہیں۔ خلافت راشدہ اکیڈمی کے ڈائریکٹر کی تحریری اجازت کے بغیر اس کتاب کے کسی حصہ کو نقل یا شائع کرنے کی اجازت نہیں۔

دوسرا ایڈیشن اہم ترمیم و تصیح و اضافہ کے ساتھ

کتاب کا نام .... اسلامی کلمہ

افادات .... علامہ علی شیر حیدری دامت برکاتہم

مرتب .... مولانا عبدالرحیم بھٹو

تخریج و ترتیب جدید .... مولانا محمد یونس قاسمی

اشاعت اوّل .... اکتوبر 2003ء

اشاعت دوئم .... اگست 2008ء

صفحات ....

تعداد 1100/

ھدیہ 80/

ناشر .... خلافت راشدہ اکیڈمی اعظم کالونی خیر پور سندھ

فون: 0243-552264/ 300-2343166

0333-6033297

قارئین سے گزارش

حتی الوسع کوشش کی گئی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہِ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اصلاح ہوسکے۔

شکریہ


بسم الله الرحمن الرحيم

اللّٰهُمَّ
صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

آئینہ مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	باب اوّل:	9
2	اسلامی کلمہ ----------------------------------	"
3	اہل تشیع کا کلمہ -------------------------------	10
4	اسلامی کلمہ اور احادیث مبارکہ -------------------	12
5	ایک گوہ کی شہادت ------------------------------	16
6	ایک جاہلانہ اعتراض -----------------------------	24
7	باب دوم:	29
8	اسلام اور ایمان کی بنیاد --------------------------	"
9	سب سے پہلا رکن۔توحید ورسالت --------------------	30
10	امام خمینی کا فتویٰ ------------------------------	31
11	حضور ﷺ کی تبلیغ -------------------------------	32
12	اسلامی کلمہ کے اقرار سے جنت کا لزوم ---------------	36
	حضرت ابوذر غفاریؓ کا کلمہ پڑھنا --------------------	"
	مسلمان یا کافر؟ ----------------------------------	38
	ام المؤمنین سیدہ خدیجہؓ کا کلمہ پڑھنا ----------------	39
	اے اہلِ تشیع ------------------------------------	40
	حضرت علیؓ اور کلمہ اسلام کی تبلیغ --------------------	41
	حضرت سعد بن معاذؓ کی طرف سے شہادتین کا اعلان -----	42
	حضرت اسید بن حضیرؓ کا کلمہ اسلام کا اقرار --------------	43

اہلسنّت کا کلمہ ایمان کی ڈھال ہے ---------------------- 44

موت کے وقت مؤمن کو ملک الموت کی تلقین ------------ 45

مہر نبوت اور کلمہ ---------------------------- 46

حضرت آدم علیہ السلام کی انگوٹھی اور کلمہ اسلام ------------ 48

حضور ﷺ کی انگوٹھی اور کلمہ اسلام ------------------ 49

تقدیر کے قلم والا کلمہ ---------------------------- 50

عرش پر کلمہ اسلام ---------------------------- 51

قیامت کے روز حضور ﷺ کے جھنڈے پر کلمہ اسلام ------- "

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کا خلیفہ کو مشورہ ------------ 52

باب سوم: 53

شیعوں کے اعتراضات اور جوابات ------------------- "

باب چہارم: 59

شیعوں کا کلمہ، استدلالات اور انکا رد ------------------- "

امام خمینی کا فتویٰ ------------------------------ 64

اہلسنّت کی طرف منسوب شیعہ کتب ------------------- 65

مصنف فرائد السمطین اپنی تحریرات کے آئینہ میں ------------ 67

مصنف فرائد السمطین کتب رجال میں ---------------------- 68

کتاب مودۃ القربیٰ ------------------------------ 71

مروج الذہب ------------------------------------ 72

ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغۃ ------------------------ "

روضۃ الاحباب ------------------------------------ 73

معارج النبوة	73
تاریخ یعقوبی	"
تذکرة خواص الامة بذکر خصائص الائمة	"
مقتل ابی مخنف	"
کتاب الفتوح	"
روضة الصفا	74
روضة الشہداء	"
الاخبار الطوال	"
مقاتل الطالبین	"
الفصول المہمة فی معرفة الائمة	"
مقتل الحسین	"
الملل والنحل	75
کفایة الطالب	76

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اوّل:

اسلامی کلمہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

برادران اسلامی: اسلام اور ایمان کا دار و مدار کلمہ...... لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ...... پر ہے۔ لہٰذا جو شخص دل میں اس کلمہ کی تصدیق رکھے اور زبان سے اس کلمہ کا اقرار کرے وہ مسلمان اور مومن کہلائے گا۔

اس اسلامی کلمہ کے دو حصے ہیں۔

پہلا حصہ: ''لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ'' ہے یعنی اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اس پہلے حصے میں توحید الٰہی کا اقرار ہے۔

دوسرا حصہ: ''مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ'' ہے یعنی محمد اللہ کے رسول ہیں۔ (صلی اللہ علیہ وسلم) اس حصے میں سرکارِ دو جہاں، فخرِ کون و مکاں خاتم النبیین سید الرسل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت و پیغمبری کا اقرار ہے، انہی دو باتوں کا اقرار کرنا اور دل میں یقین رکھنا، ایمان لانے کے لئے اوّلین شرط ہے۔ کوئی بھی شخص جو دونوں حصوں میں سے کسی ایک کا بھی منکر ہو وہ مسلمان نہیں ہو سکتا۔

پھر جس شخص نے کلمہ کا اقرار کر لیا اس پر دیگر اسلامی احکام نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ لازم ہو جاتے ہیں۔

سب سے پہلے اسلام کا بنیادی کلمہ یہی ہے، جس میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا ذکر ہے اور اس کلمہ کے دونوں حصے جدا جدا طور پر قرآن کریم میں موجود ہیں، سورہ محمد میں ہے:

فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔ (سورۃ محمد پ ۲۶ آیت ۱۹)

''سو جان لے کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں''۔

اور اس سورۃ کے متصل بعد سورۂ فتح میں کلمہ کا دوسرا حصہ بھی موجود ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط وَالَّذِیْنَ مَعَہٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ۔ (سورۃ فتح پ ۲۶ آیت ۲۹)

''محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں وہ کافروں پر انتہائی سخت اور آپس میں مہربان ہیں''۔

پہلی آیت میں...... لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ...... کے الفاظ بالکل ظاہر ہیں اور یہی کلمہ کا پہلا حصہ ہے اور دوسری آیت میں...... مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ...... کے الفاظ بھی صاف ظاہر ہیں، جو کلمہ کا دوسرا حصہ ہے۔

یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ تمام مسلمان اہل سنت جو کلمہ پڑھتے ہیں، اس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں بلکہ اہل سنت کے ساتھ تمام اہل تشیع بھی ان دونوں حصوں پر متفق ہیں۔ البتہ اہل تشیع کی طرف سے اس کے بعد بھی تین حصے مزید بڑھائے جاتے ہیں ہوتی ہے، اہل سنت اس کو ناجائز ہی نہیں بلکہ کفر قرار دیتے ہیں اور اہل سنت و اہل تشیع کے درمیان اختلاف صرف اس زیادتی میں ہے۔

اہل تشیع کے کلمہ کے پانچ حصے ہیں

(۱) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (۲) مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

(۳) عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہ (۴) وَصِیُّ رَسُوْلُ اللّٰہ

(۵) وَخَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْلٍ

حَتّٰۤى اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ اٰنِفًا ۫

اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ اتَّبَعُوْۤا اَهْوَآءَهُمْ ﴿١٦﴾ وَ الَّذِيْنَ

اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّ اٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿١٧﴾ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ

ذِكْرٰىهُمْ ﴿١٨﴾ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ

وَ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَ مَثْوٰىكُمْ ﴿١٩﴾ وَ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ ع ٢

اٰمَنُوْا لَوْ لَا نُزِّلَتْ سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَاۤ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ مُّحْكَمَةٌ وَّ ذُكِرَ فِيْهَا

الْقِتَالُ ۙ رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ

الْمَغْشِيِّ عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿٢٠﴾ طَاعَةٌ وَّ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۫

فَاِذَا عَزَمَ الْاَمْرُ ۫ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿٢١﴾ فَهَلْ عَسَيْتُمْ

اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَ تُقَطِّعُوْۤا اَرْحَامَكُمْ ﴿٢٢﴾ اُولٰٓىِٕكَ

الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فَاَصَمَّهُمْ وَ اَعْمٰۤى اَبْصَارَهُمْ ﴿٢٣﴾ اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ

الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿٢٤﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ

مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ؕ وَ اَمْلٰى لَهُمْ ﴿٢٥﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ

الْاَمْرِ ۚۖ وَ اللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿٢٦﴾ فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ يَضْرِبُوْنَ

فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى
رَسُوْلِهٖ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَ كَانُوْۤا اَحَقَّ
بِهَا وَ اَهْلَهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ۟۲۶ ع ۲ ۱۱
لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ
رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ
اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ
تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۟۲۷
هُوَ الَّذِیْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ
بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۟ؕ۲۸
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ
تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا ؗ سِيْمَاهُمْ
فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۛۖۚ وَ مَثَلُهُمْ
فِی الْاِنْجِيْلِ ۛ۫ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْــَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى معانقة ۱۵
عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۟۲۹ ع ۳ ۱۲

سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَیِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اتَّقُوا

اہل تشیع کے پانچ حصوں والے کلمہ کے حوالے شیعہ کتابوں سے

① رسالہ ''علی ولی اللہ'' ص ۲۰۴، تالیف عبدالکریم مشتاق شیعہ۔

② ''اصول الشریعہ فی عقائد الشیعہ'' ص ۴۲۲، م: حجۃ الاسلام سرکار علامہ محمد حسین قبلہ مجتہد العصر سرگودھا۔

③ ''نماز امامیہ'' ص ۴، م: سید منظور حسین نقوی، ناشر امامیہ کتب خانہ لاہور۔

④ ''نماز شیعہ خیر البریہ'' ص ۶ م: حجۃ الاسلام ابوالقاسم الخوئی، مجتہد اعظم نجف۔

⑤ ''احکام نماز'' ص ۲۲، م: حجۃ الاسلام علامہ حسنین نجفی دار المعارف الامامیہ۔

⑥ ''شیعہ نماز'' ص ۱۔ ناشر شیعہ آرگنائزیشن شکارپور سندھ۔

⑦ ''نماز اہل بیت'' ص ۳، مفتی سید عنایت اللہ شاہ نقوی، ناشر محلہ شیعان لاہور۔

⑧ ''پیغام نجات'' ص ۱۳ تالیف سید سعید اختر۔

⑨ ''امامیہ دینیات درجۂ اطفال'' ص ۳، ادارہ تنظیم مکاتب کراچی۔

⑩ ''دینیات کی پہلی کتاب'' ص ۱۰، سید فرمان علی ناشر امامیہ کتب خانہ۔

⑪ ''نماز امامیہ'' ص ۳، علامہ حسین بخش جاڑا۔

⑫ ''شیعت کا تعارف'' (اُردو) ص ۳۵۹، تالیف: محمد بخش مگسی خیر پور سندھ۔

⑬ ''رسالہ اثبات علی ولی اللہ فی کلمۃ طیبۃ'' ص ۲۳، عبدالوھاب حیدری لاڑکانہ۔

⑭ ''ولایت علی بنص جلی'' ص ۱۱۹ آغا عبدالحسین سرحدی، ناشر: مبلغ اعظم اکیڈمی فیصل آباد۔

⑮ ''دینیات کی دوسری کتاب'' ص ۳۴، مرزا اشک ہمدانی، ناشر: امامیہ لاہور۔

خود ہی میرے شناخت کرلیں گے!

علیٰ ھذا البیان ہم نے مکمل ثابت کر دیا کہ کلمے میں اقرارِ ولایت علیؑ نہ ہی کوئی بدعت ہے اور نہ ہی یہ کسی بھی لحاظ سے مانع کلمہ ہے۔ اس لئے

بِسمِ اللہِ الرّحمٰنِ الرّحیم۔

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
علیٌ ولی اللہ وصی رسول اللہ وخلیفۃ بلا فصل

الکلمہ طیبہ ہیں یہ کلمہ مستند ہے۔ کلمہ مقبول ہے۔ ضامنِ ایمان ہے۔ افضل الذکر ہے۔ اور فوز عظیم ہے۔

مولوی دوست محمد قریشی کے اعتراضات

مولوی دوست محمد قریشی صاحب نے ایک رسالہ موسومہ "جلاء الافہام" مکتبہ اہلسنت کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ کے ذریعے شائع کیا ہے۔ اس میں شیعوں سے ایک سو[1] سوالات کے جوابات طلب کئے ہیں۔ ان میں اعتراض ۵۶ تا ۵۹ کلمہ سے متعلق ہیں۔ لہٰذا ان کا جواب لکھ دینا ضروری خیال کرتا ہوں۔

اعتراض ۵۶: اہلِ سنت جو کلمہ پڑھتے ہیں وہ آپ کے نزدیک پورا ہے یا ادھورا۔

جواب:- چونکہ اہل سنت ولایتِ علیؑ کے منکر نہیں ہیں، اس

[1] "سو سنار کی ایک لوہار کی" انہی اعتراضات کا جواب ہے۔



واسطے اور وجہ الفت کو موجب ہلاکت کو ... جانتے ہیں۔ اور ان سے مقابلین کو اس منصب جلیل کا نااہل اور [illegible] کا غاصب سمجھتے ہیں۔ مگر یہ فرقہ دیگر تمام غیر اثنا عشری فرقوں کی طرح ائمہ طاہرین کی خلافت و امامت کا منکر ہے اور ان معصوم و مقدس ہستیوں سے [illegible] رشتہ توڑ کر آل رسول کے مخالفین سے اپنا رشتہ جوڑتا ہے۔ [illegible] مسئلہ امامت کے تمام مباحث کو بالتفصیل دیکھنے کے لئے [illegible] کتاب اثبات الامامت کی طرف رجوع فرمائیں۔

نواں فرق عقیدۂ افضلیت

ہم بصورت [illegible] سرکار خاتم الانبیاء کے سوا باقی تمام مخلوق [illegible] انبیاء و مرسلین اور ملائکہ مقربین سے بھی ان ذوات مقدسہ کو افضل و اعلیٰ سمجھتے ہیں۔ اس مطلب کے ثبوت کے لئے ہماری کتاب احسن الفوائد کے اوراق شاہد ہیں۔ مگر فرقہ وہابیہ دیگر جمہور اہل سنت کی طرح اپنے شیخین کو ائمہ طاہرین سے افضل سمجھتا ہے اور اس نظریہ کے مخالف کو [illegible] چنانچہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اپنی کتاب ازالۃ الخفاء [illegible] مقصد اول میں لکھتے ہیں [illegible] حضرت مرتضیٰ [illegible] شاہ ولی اللہ مسلمان عالم دین [illegible] کائنات سے افضل [illegible] واللہ المستعان و هو خیر المعاونین۔

دسواں فرق کلمۂ ولایت

ہم [illegible] کلمہ شہادت توحید، رسالت اور شہادت ولایت سے مرکب ہے یعنی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ علی ولی اللہ وصی رسول اللہ و خلیفتہ بلا فصل، مگر اس فرقہ کا کلمہ دیگر عام اسلامی فرقوں کی طرح صرف شہادت توحید و رسالت پر مشتمل ہے۔ یعنی لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ [illegible] وہ شہادت ولایت کو جائز [illegible] نہیں سمجھتے [illegible] جیسا کہ آیت [illegible] سے واضح و عیاں ہے۔ [illegible]

گیارھواں فرق تقلید شخصی

ہم فروع دین میں [illegible] اعمال [illegible] مجتہد [illegible] تقلید شخصی کے [illegible] شاہ [illegible] کی کتاب [illegible] دیکھی جا سکتی ہے۔

باسمہ سبحانہ

قل هذه سبيلي ادعوا الى الله على بصيرة انا ومن اتبعني سبحان الله وما انا من المشركين۔

[illegible]

(ترجمہ قرآن)

کتاب مستطاب

اصول الشریعہ فی عقائد الشیعہ

از قلم حقیقت رقم

سرکار صدر المحققین سلطان المتکلمین حجۃ الاسلام والمسلمین

حضرت علامہ الشیخ محمد حسین مدظلہ العالی علی رؤس المومنین

ناشر مکتبہ السبطین 208/B بی سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا

حافظوا على الصلوات والصلوة الوسطى وقوموا لله قانتين

الحمد لله

کہ مومنین و مومنات کی آسانی کے لیے

اصول دین اور معراج المومن یعنی نماز کے تمام ضروری مسائل کا

رسالہ

نمازِ امامیہ باترجمہ

(عکسی باتصویر)

مع اصول دین و خطبات عیدین وغیرہ

مرتبہ

عالی جناب تقدس مآب مولانا

سید منظور حسین صاحب قبلہ نقوی مدظلہ العالی

خطیب جامع مسجد حسین آباد، علی پور

نظر ثانی: سید محمد تقی الرضوی (آل باقر)

ناشر

عباس بک ایجنسی، رستم نگر لکھنؤ

دینِ اسلام

ہمارا ایمان ہے کہ خدا کے نزدیک ایک دین ہے۔ اور وہ دین اسلام ہے۔ اسلام ایک ایسا سچا دین ہے، جو انسان کو خوشبختی آزادی اور تحفظ کا ضامن ہے۔

اسلام کامل ترین جامع ترین اور دنیا و آخرت کی فلاح کی ضمانت دینے والا دین ہے۔

ہمارا عقیدہ ہے کہ اسلام آخری اور ہمیشہ رہنے والا دین ہے

اسلام دینِ اخوت و امن و سکون ہونے کے ناطے، ہر قسم کی ظلم ستانی اور عزت کے خلاف ہے۔ جو اس دین کے قانون کا پابند ہو جائے وہ مسلمان کہلاتا ہے۔ اور اسلام نام ہے شہادتین کا۔ اور جو ان شہادتوں کا اقرار کرے وہ مسلمان ہے۔

شہادتین: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

کلمہ طیبہ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

عَلِيٌّ وَلِيُّ اللّٰهِ وَصِيُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَخَلِيْفَتُهٗ بِلَا فَصْلٍ۔

درود: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اسلام کی بنیاد دو چیزوں پر ہے ایک اصول دین دوسری فروع دین۔ اصول دین پر اعتقاد اور ایمان رکھنا واجب ہے اور فروع دین پر عمل پیرا ہونا واجب ہے۔

اصولِ دین[1]

۱۔ توحید ۲۔ عدل ۳۔ نبوت ۴۔ امامت ۵۔ قیامت

۱۔ توحید: یعنی خدا ایک اور بے مثل ہے۔ موجودات عالم وجود باری تعالیٰ پر دلالت کرتے ہیں، کیونکہ جب ایک گھر کسی بنانے والے کے بغیر نہیں بن سکتا، تو یہ پوری کائنات بغیر کسی بنانے

[1] اصول دین کی دو قسمیں ہیں، اصول اسلام اور اصول ایمان۔ اصول اسلام تین ہیں (۱) توحید (۲) نبوت (۳) قیامت۔ اور اصول ایمان پانچ ہیں یعنی ان میں عدل اور امامت



پہلا سبق

کلمہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
عَلِیٌّ وَّ لِیُّ اللّٰہِ وَ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ
وَ خَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْلٍ ۔

صلوات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ۔

6982

شیعہ بچوں کیلئے

دینیات

کی پہلی کتاب

مرتبہ

محشر لکھنوی

زیر نگرانی

جناب عالیجناب مولانا سید محمد محسن صاحب قبلہ و کعبہ مجتہد العصر مدظلہ العالی

برائے ایصالِ ثواب

مرحوم سیٹھ حاجی محمد حسین صاحب لدھا بھائی مرحوم

شائع کردہ

علمدار اکیڈمی

سی ایریا، لیاقت آباد، کراچی ۱۹

کلمہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰهِ وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَخَلِیْفَتُهٗ بِلَا فَصْل

پنجتن پاکؑ

۱۔ محمدؐ ۲۔ علیؑ ۳۔ فاطمہؑ ۴۔ حسنؑ ۵۔ حسینؑ

درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ

نادِ علیؑ

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ — تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ

كُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَيَنْجَلِیْ — بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ

چہاردہ معصومینؑ

حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

جناب فاطمۃ الزہراؑ

اور

بارہ امام علیہم السلام کو

چہاردہ معصومین کہتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہ

وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَخَلِیْفَتُہٗ بِلَا فَصْلٍ

نماز

اثنا عشری

طلبا اور طالبات کے لئے

ماخوذ۔ "تحفۃ العوام"

بمطابق فتاویٰ علماء کرام نجف اشرف

Presented by www.ziaraat.com

جملہ حقوق محفوظ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ عَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰہِ
وَصِیُّ رَسُوۡلِ اللّٰہِ وَخَلِیۡفَتُہٗ بِلَا فَصۡلٍ ط

تحفۃ العوام مقبول جدید مع اضافہ

مطابق فتاویٰ مجتہدین عظّام

☆ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے حاج سیّد علی حسینی سیستانی مدظلّہ العالی

☆ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے السید روح اللہ الموسوی الخمینی اعلیٰ اللہ مقامہٗ

☆ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے الحاج السید ابوالقاسم الخوئی اعلیٰ اللہ مقامہٗ

☆ حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ آقائے الحاج سیّد محمد سعید الحکیم مدظلّہ نجف اشرف عراق

☆ مصدقہ عالیجناب سیّد العلماء علامہ سیّد علی نقی النقوی مجتہد اعلیٰ اللہ مقامہٗ

☆ مصدقہ عالیجناب مولانا سیّد محمد جعفر شہید سابق پیشنماز مسجد صاحب الزمانؑ لاہور

مؤلفہ و مُرتّبہ

عالیجناب مولانا السید منظور حسین نقوی اعلیٰ اللہ مقامہٗ پیشنماز مسجد علی پور (مظفر گڑھ)

ناشر:

Iftikhar BOOK DEPOT

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور

مذکورہ تمام حوالہ جات میں شیعوں کے کلمہ کے پانچ حصے ہیں اور وہ اسلامی کلمہ کے دو حصوں کے بعد مزید تین حصوں کا اضافہ کرتے ہیں اور اضافہ شدہ تین حصے درجِ ذیل ہیں۔

① عَلِیٌّ وَلِیُّ اللّٰہ

② وَصِیُّ رَسُوْلِ اللّٰہِ

③ خَلِیفَتُہٗ بِلَا فَصْل

برادرانِ اسلام! کلمہ میں شیعوں کے اضافہ شدہ تینوں حصے قرآن کریم میں کہیں موجود نہیں ہیں اور نہ ہی سرورِ کائنات حضور اقدس ﷺ کی تمام حیاتِ مبارکہ میں شیعوں والا کلمہ پڑھا گیا اور نہ کبھی کسی کو مسلمان کرتے وقت شیعوں والا یہ کلمہ پڑھایا گیا۔

خود حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی ساری زندگی میں اس کلمہ کو تلاش کر لیں؟ مگر حدیث کی کسی معتبر کتاب میں کسی صحیح سند کے ساتھ کوئی شخص ثابت نہیں کر سکتا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یا کسی بھی دوسرے امام نے یہ کلمہ خود پڑھا ہو یا کسی کو مسلمان کرتے وقت پڑھایا ہو۔

معلوم ہوا کہ یہ سراسر اپنی طرف سے گھڑا ہوا کلمہ ہے اور شیعہ لوگ اس کلمہ کو پڑھنے کے بعد ساری دنیائے اسلام سے کٹ جاتے ہیں۔

اسلامی کلمہ اور احادیث مبارکہ

دین اسلام میں قرآن مجید کے بعد سب سے بڑی حجت اور دلیل سرکارِ دو عالم ﷺ کی حدیث شریف ہے۔

اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن کریم سے کلمہ کے دونوں حصے ثابت ہو چکے

ہیں۔اب حضور اکرم ﷺ کی احادیث مبارکہ میں سے ان دونوں حصوں کو دلائل کے ساتھ ثابت کیا جاتا ہے۔جاننا چاہئے کہ حضور اکرم ﷺ جب بھی کسی کو دائرہ اسلام میں داخل فرماتے۔سب سے پہلے اس سے صرف توحید ورسالت دو چیزوں کی گواہی لیتے اور یہ چیزیں کلمہ میں آجاتی ہیں"توحید لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، رسالت مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" اوران کے علاوہ کلمہ میں کبھی بھی کسی سے کسی کی امامت یا خلافت یا ولایت کا اقرار نہ کرواتے،مثال کے طور پر چند احادیث پیش کی جاتی ہیں:

① حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

"جو شخص (زبان اور دل سے)...... لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ...... کی گواہی دے، اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ حرام فرمادیتے ہیں"۔(مسلم ومشکوۃ کتاب،الایمان)

مسلم شریف میں ایک باب اس عنوان سے ہے:

باب الامر بقتال الناس حتي يقولوا لا اله الا الله محمد رسول الله۔ (مسلم كتاب الايمان)

یعنی کافرلوگوں سے جنگ جاری رکھنے کا حکم جب تک کہ وہ...... لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ...... نہ کہہ لیں۔اس باب کی مناسبت سے امام صاحب نے مذکورہ حدیث بھی ذکر فرمائی ہے۔

② حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی يَشْهَدُوْا اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

(بخاری،مسلم، مشكوة كتاب الايمان)

مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ملا ہے کہ میں لوگوں سے قتال جاری رکھوں حتیٰ کہ وہ...... لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ...... کی گواہی دے دیں۔

③ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم لِمَعَاذِ بْنِ جَبَلٍ حِیْنَ بَعَثَہٗ اِلَی الْیَمَنِ ، اِنَّکَ سَتَاْتِیْ قَوْماً مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ فَاِذَا جِئْتَھُمْ فَادْعُھُمْ اِلٰی اَنْ یَّشْھَدُوْا اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَاِنْ ھُمْ اَطَاعُوْا لَکَ بِذٰلِکَ فَاَخْبِرْھُمْ اَنَّ اللّٰہَ قَدْ فَرَضَ عَلَیْھِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَلَیْلَۃٍ۔ (بخاری کتاب المغازی)

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا (اے معاذ!) تو اہل کتاب میں سے ایک قوم کے پاس جا رہا ہے۔ لہٰذا جب تو ان کے پاس پہنچے تو ان کو دعوت دے کہ وہ "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" کی گواہی دیں۔ اگر وہ اس بات کی گواہی دے کر تیری بات مان لیں تو ان کو بتا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر ہر دن اور رات میں پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔

④ حضرت جریر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

بَایَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم شَھَادَۃَ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَنَّ مُحَمَّداً رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہ میں نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی گواہی کے ساتھ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی۔ (بخاری کتاب البیوع)

⑤ جب حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے توحید و رسالت کا اقرار کر کے اسلام قبول کر لیا تو عرض کیا: یا رسول اللہ! یہودی ایک شرارتی قوم ہے۔ میرے اسلام کے ان پر ظاہر ہونے سے پہلے آپ ان سے میرے متعلق

کچھ بات چیت کریں۔ لہٰذا جب یہودی آپ ﷺ کی خدمت میں آئے تو آپ نے دریافت فرمایا کہ عبداللہ بن سلام تمہارے اندر کیسے شخص ہیں؟ یہودی کہنے لگے وہ ہم میں سب سے بہترین انسان ہیں اور بہترین شخصیت کے فرزند ہیں۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے دریافت فرمایا اور اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو پھر؟ یہودی کہنے لگے اللہ تعالیٰ ان کو اپنی پناہ میں رکھے۔ حضور اکرم ﷺ نے پھر دریافت فرمایا: کہ اگر وہ مسلمان ہو جائیں تو پھر؟ انہوں نے پھر کہا کہ اللہ تعالیٰ ان کو اپنی پناہ میں رکھے۔

فَخَرَجَ اِلَیْھِمْ عَبْدُ اللّٰہِ فَقَالَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

اتنے میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان کی طرف آ نکلے اور فرمایا: میں "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" کی گواہی دیتا ہوں۔

یہ سن کر یہودی کہنے لگے! یہ ہم میں سب سے برا آدمی ہے اور پھر طرح طرح کے عیب بیان کرنے لگے۔

عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپ نے دیکھا؟ یہودی کس طرح اپنی بات سے پھر گئے، مجھے اسی بات کا خدشہ تھا۔

(بخاری کتاب المناقب)

(۶) حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بنی حنیفہ کے ایک شخص ثمامہ بن اثال کو گرفتار کر کے مسجد نبوی کے ایک ستون سے باندھ دیا۔ نبی اکرم ﷺ اس کے پاس تشریف لے گئے اور دریافت فرمایا: اے ثمامہ! تیرا کیا ارادہ ہے؟ جواب میں عرض کیا یارسول اللہ! میرا نیک ارادہ ہے۔ آپ مجھے قتل فرمانا چاہیں تو کر دیں اور اگر جان بخشی کا احسان فرمائیں تو یہ آپ کا ایک احسان تسلیم کرنے والے پر احسان ہوگا۔ دوسرے دن حضور اکرم ﷺ نے حکم فرمایا کہ ثمامہ کو رہا

کردو۔ رہائی کے بعد ثمامہ مسجد نبوی کے قریب واقع باغ میں تشریف لے گئے وہاں غسل کیا پھر مسجد میں داخل ہوئے اور شہادت دی کہ:

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی گواہی دیتا ہوں۔ (صحیح بخاری)

⑧ بنو سلیم قبیلے کے ایک ہزار افراد نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کلمہ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' پڑھ کر دامنِ اسلام میں داخل ہو گئے۔

یہ درج بالا حصہ ایک طویل روایت کا حصہ ہے جس کا دلچسپ خلاصہ درج ذیل ہے۔

ایک گوہ کی شہادت پر ہزار افراد کا مسلمان ہونا:

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے اصحاب کے ساتھ تشریف فرما تھے کہ اچانک بنی سلیم قبیلے کا ایک اعرابی ایک سوسمار یعنی گوہ اٹھائے ہوئے آیا اور حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا: کہ اگر یہ گوہ آپ کی نبوت کی گواہی دے دے تو میں آپ پر ایمان لے آؤں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے گوہ سے مخاطب ہو کر دریافت فرمایا: ''اے گوہ میں کون ہوں؟'' گوہ فصیح و شیریں عربی زبان میں گویا ہوئی:

اَنْتَ رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ صَدَّقَكَ وَقَدْ خَابَ مَنْ كَذَّبَكَ فَقَالَ اَعْرَابِيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔

''آپ رب العالمین کے رسول ہیں اور خاتم النبیین ہیں، جس نے آپ کی تصدیق کی وہ کامیاب ہوا اور جس نے جھٹلایا وہ

نامراد ہوا۔"

(یہ سنتے ہی) اعرابی برجستہ بول اٹھا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

جب اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت سے نکلا تو راستے میں ایک ہزار افراد سے ملاقات ہوئی جو سب تیر و تلوار اور نیزوں کے ساتھ مسلح تھے۔ اعرابی نے ان سے پوچھا کس ارادے سے نکلے ہو؟ وہ بولے ہم اس شخص کے قتل کے ارادے سے نکلے ہیں جو اپنے آپ کو نبی کہلواتا ہے۔ اعرابی نے کہا میں تو...... لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ...... کی گواہی دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا: اچھا! تو، تو اتنے میں بد دین ہو گیا؟ لیکن پھر اعرابی نے مذکورہ گوہ والا قصہ بیان کیا تو سب کے سب بول اٹھے...... لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صلى الله عليه وسلم فَتَلَقَّاهُمْ فِيْ رِدَاءٍ فَنَزَلُوْا عَنْ رُكُبِهِمْ يُقَبِّلُوْنَ مَاوَلُوْا مِنْهُ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ مُرْنَا بِأَمْرِكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ! فَقَالَ تَدْخُلُوْ تَحْتَ رَايَةِ خَالِدِ بْنِ وَلِيْدٍ قَالَ فَلَيْسَ اَحَدٌ مِنَ الْعَرَبِ اٰمَنَ مِنْهُمْ اَلْفٌ جَمِيْعًا اِلَّا بَنُوْ سُلَيْمٍ۔

پھر یہ ماجرا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچا تو آپ چادر زیب تن فرما کر ان سے ملاقات اور استقبال کے ارادے سے نکلے وہ (آپ کو دیکھ کر) سواریوں سے نیچے اتر گئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسے دیتے ہوئے کہتے جاتے تھے...... لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ...... پھر انہوں نے پوچھا کہ ہمیں کوئی حکم دیجئے! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خالد بن ولید کے جھنڈے کے نیچے لشکر اسلام میں داخل ہو جاؤ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں بنی سلیم کے علاوہ کوئی قبیلہ ایسا نہیں ہے جس کے ایک ہزار افراد ایک ہی وقت میں اکٹھے مسلمان ہوئے ہوں۔

(المعجم الصغیر للطبرانی ج ۲ ص ۶۶ طبع بیروت)

⑧ عن ابن عبّاس رضی اللہ عنہما قَالَ اَوْحَی اللّٰہُ اِلٰی عِیْسٰی علیہ السلام یَا عِیْسٰی اٰمِنْ بِمُحَمَّدٍ وَّاْمُرْ مَنْ اَدْرَکَہٗ مِنْ اُمَّتِکَ اَنْ یُّؤْمِنُوْا بِہٖ فَلَوْلَا مُحَمَّدٌ مَا خَلَقْتُ اٰدَمَ وَلَوْلَا مُحَمَّدٌ مَا خَلَقْتُ الْجَنَّۃَ وَلَا النَّارَ وَ قَدْ خَلَقْتُ اٰدَمَ الْعَرْشَ عَلَی الْمَاءِ فَاضْطَرَبَ فَکَتَبْتُ عَلَیْہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَسَکَنَ...... ھذا حدیث صحیح الاسناد۔

(المستدرک علی الصحیحین للحاکم حدیث نمبر ۴۱۹۳ باب من کتاب ایات رسول اللہ، المستدرک علی الصحیحین للحاکم مع تعلیقات الذھبی حدیث نمبر ۴۲۲۷ باب و من کتاب ایات رسول اللہ۔)

''ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ علیہ السلام پر وحی فرمائی کہ اے عیسیٰ (علیہ السلام) محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آؤ اور حکم دو کہ آپ کی امت میں سے جو ان کو پائے وہ ان پر (یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) ایمان لے آئے۔ پس اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نہ ہوتے تو میں نے آدم علیہ السلام کو پیدا نہ کیا ہوتا اور اگر محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نہ ہوتے تو میں نہ جنت پیدا کرتا اور نہ جہنم اور تحقیق میں نے عرش کو پیدا کر کے پانی پر رکھا تو ہلنے لگا پھر میں نے اس پر '' لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ '' لکھا تو سکون میں آ گیا۔''

⑨ عَنْ اَبِیْ ذَرٍ رفعہٗ قَالَ اِنَّ الْکَنْزَ الَّذِیْ ذَکَرَ اللّٰہُ فِیْ

كِتَابِهٖ لَوْحٌ مِنْ ذَهَبٍ مُصَمَّتٍ عَجِبْتُ لِمَنْ أَيْقَنَ بِالْقَدْرِ لِمَ نَصَبَ؟ وَ عَجِبْتُ لِمَنْ ذَكَرَ النَّارَ لِمَ ضَحِكَ ؟ وَعَجِبْتُ لِمَنْ ذَكَرَ الْمَوْتَ لِمَ غَفَلَ؟ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

(البحر الزخار مسند البزار حديث نمبر ۳۴۳۷ باب ان الكنز الذي ذكر الله في)

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرمایا: کہ تحقیق (دو یتیموں کا) وہ خزانہ جس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں (خضر علیہ السلام کے قصہ کے درمیان سورۃ کہف میں) ذکر فرمایا ہے، وہ سونے کی ایک محفوظ تختی ہے (جس میں لکھا ہوا ہے) کہ مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو تقدیر پر یقین رکھتا ہے (پھر کسی چیز کے نہ ملنے پر) کیوں غمگین ہوتا ہے اور تعجب ہے اس شخص پر جس کو جہنم یاد ہے پھر وہ کیوں ہنستا ہے، اور تعجب ہے اس شخص پر جس کو موت یاد ہے پھر وہ اس سے کیوں غفلت کرتا ہے'' لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ''۔

۱۰ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ اَوْ مَا فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ شَكَّ عَلِيُّ بْنُ جَمِيْلٍ مَا عَلَيْهَا وَ رَقَةٌ اِلَّا مَكْتُوْبٌ عَلَيْهَا...... لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ...... اَبُوْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقُ، عُمَرُ الْفَارُوْقُ، عُثْمَانُ ذُوالنُّوْرَيْنِ۔

(المعجم الكبير للطبراني حديث:۱۰۹۳ باب ۳)

''جنت میں کوئی بھی درخت ایسا نہیں جس کے ہر پتے پر یہ نہ لکھا ہوا ہو کہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ابوبکر صدیق ہیں، عمر فاروق ہیں، عثمان دونوروالے ہیں۔

(۱۱) عَنْ عَلِيٍّ رضی اللہ عنہ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فِیْ قَوْلِ اللّٰهِ عزوجل (وَكَانَ تَحْتَهٗ كَنْزٌ لَّهُمَا) قَالَ لَوْحٌ بِنْ ذَهَبٍ مَكْتُوْبٌ فِيْهِ ...... لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ...... عَجَبًا لِمَنْ يَذْكُرُ اَنَّ الْمَوْتَ حَقٌّ كَيْفَ يَفْرَحُ، وَ عَجَبًا لِمَنْ يَذْكُرُ اَنَّ النَّارَ حَقٌّ كَيْفَ يَضْحَكُ، وَ عَجَبًا لِمَنْ يَذْكُرُ اَنَّ الْقَدْرَ حَقٌّ كَيْفَ يَحْزَنُ، وَ عَجَبًا لِمَنْ يَرَى الدُّنْيَا وَ تَصَرُّفَهَا بِاَهْلِهَا حَالًا بَعْدَ حَالٍ كَيْفَ يَطْمَئِنُّ اِلَيْهَا۔

(شعب الایمان للبیهقی حدیث نمبر ۲۱۲ باب و کان تحته کنز لهما،
جامع الاحادیث حدیث نمبر ۳۳۸۴۳ باب مسند علی بن ابی طالب)

''علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے قول ﴿و کان تحته کنز لهما﴾ کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ وہ ایک سونے کی تختی تھی جس پر لکھا ہوا تھا...... لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ......اور یہ کہ تعجب ہے اس پر جس کو یاد ہے کہ موت برحق ہے پھر وہ کیسے خوش ہوتا ہے اور تعجب ہے اس پر جس کو یاد ہے کہ جہنم برحق ہے پھر وہ کیسے ہنستا ہے اور تعجب ہے اسیر جس کو یاد ہے تقدیر برحق ہے پھر وہ کیوں پریشان رہتا ہے اور تعجب ہے اس پر

جو دیکھتا ہے دنیا کو اور (وقتاً فوقتاً) اہل دنیا کے ساتھ اس کی گردش کو وہ کیسے اس پر مطمئن ہو جاتا ہے"۔

۱۲ عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا نَزَلَتْ فِيْ رَجُلٍ مِنْ بَنِيْ مُرَّةَ بْنِ عَوْفِ بْنِ سَعْدِ بْنِ دِيْنَارٍ يُقَالُ لَهُ مِرْدَاسُ بْنُ نَهِيْكٍ وَكَانَ مِنْ أَهْلِ فَدَكَ وَكَانَ مُسْلِماً لَمْ يُسْلِمْ مِنْ قَوْمِهِ غَيْرُهُ فَسَمِعُوْا بِسَرِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم تُرِيْدُهُمْ فَنَزَلَ مِنَ الْجَبَلِ يَقُوْلُ ...... لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ...... فَتَغَشَّاهُ أُسَامَةُ فَقَتَلَهُ وَاسْتَاقَ غَنَمَهُ فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ فِيْهِ۔ ❶

(معرفة الصحابة لا بی نعیم اصفهانی حدیث نمبر ۵۶۱۰ باب من اسمه محمع)

"حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کہ یہ آیت " يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا إِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا "بنی مرہ بن عوف بن سعد بن دینار کے ایک آدمی کے بارے میں نازل ہوئی جس کو ہرداس بن نہیک کہا جاتا تھا اور وہ اہل فدک میں سے تھا اور وہ اکیلا مسلمان ہوا تھا اور اس کی قوم سے دوسرا کوئی بھی مسلمان نہیں ہوا تھا، پس جب انہوں نے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لشکر اس طرف آ رہا ہے، تو وہ شخص پہاڑ سے اترا اور " لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ " پڑھتا ہوا آیا لیکن اسامہ رضی اللہ عنہ نے حملہ کر کے قتل کر دیا اور اس کی بکریوں پر قبضہ کر لیا تو اس کے متعلق

یہ آیت کریمہ نازل ہوئی اے ایمان والو! جب تم جہاد کے لئے
جاؤ تو پوری تحقیق کرلو"۔

۱۳ مَكْتُوبٌ عَلَى الْعَرْشِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ
لَا أُعَذِّبُ مَنْ قَالَهَا۔

(الاحادیث القدسیة حدیث نمبر:۲،جامع الجوامع اوالجامع الکبیر للسیوطی حریف المیم، جامع الاهادیث حرف الی)

"عرش پر لکھا ہوا ہے" لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ"
اخلاص سے اس کلمہ کے پڑھنے والے کو میں عذاب نہیں
دوں گا"۔

۱۴ يَقُولُ اللّٰهُ قَرِّبُوا أَهْلَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ
مِنْ ظِلِّ عَرْشِي فَإِنِّي أُحِبُّهُمْ۔

(جامع الجوامع اوالجامع الکبیر للسیوطی حرف الیاء جامع الاحادیث حدیث ۲۶۹۸۱باب یاء النداء مع الیاء)

"لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ" اخلاص سے پڑھنے والوں
کو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ ان کو میرے عرش کے سائے کے قریب
کرو، یقیناً میں ان سے محبت کرتا ہوں (وہ مجھے محبوب ہیں)"۔

۱۶ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ أَنَّ النَّبِيَّ صلی اللہ علیہ وسلم ضَحّٰى
بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ ذَبَحَ أَحَدَهُمَا عَنْ نَفْسِهٖ وَالْآخَرَ
عَمَّنْ قَالَ ...... لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ۔

(کتاب الآثار ویلیه الایثار حدیث نمبر ۷۹۰ ص ۱۷۵ باب الاضحیة والخصاء الفحل)

"نبی علیہ السلام نے دو مینڈھوں کی قربانی کرکے فرمایا کہ ایک میری

طرف سے اور دوسرا ہر اس امتی کی طرف سے جس نے " لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ " پڑھا۔"

⑯ عَنْ اَبِیْ دَرْدَاء رَاَیْتُ لَیْلَةَ اُسْرِیْ لِیْ حَوْلَ الْعَرْشِ فَرِیْدَةً خَضْرَاءَ مَكْتُوْبٌ فِیْهَا بِقَلَمٍ مِنْ نُوْرٍ اَبْیَضَ ...... لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ...... اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّیْقُ۔

(کنز العمال فی سنن الاقوال والا فعال حدیث نمبر ۳۲۵۷۹ الفصل الثانی فی فضائل الخلفاء الاربعة رضوان الله علیهم اجمعین ص ۵۳۹ ج ۱۱)

" معراج والی رات کو میں نے ایک سبز موتی دیکھا جس پر نور کے سفید قلم سے لکھا ہوا تھا " لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" ابوبکر صدیق ہیں۔"

⑰ عَنْ سَلْمَانَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْعَرْشَ كَتَبَ عَلَیْهِ بِقَلَمٍ مِنْ نُوْرٍ طُوْلُ الْقَلَمِ مَا بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ...... لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ...... بِهٖ آخُذُ وَ بِهٖ اُعْطِیْ وَ اُمَّتُهٗ اَفْضَلُ الْاُمَمِ وَاَفْضَلُهَا اَبُوْ بَكْرِ الصِّدِّیْقُ۔

(کنز العمال فی سنن الاقوال والا فعال حدیث نمبر ۳۲۵۸۱ باب الفصل الثانی فی فضائل الخلفاء الاربعة رضوان الله علیهم اجمعین ص ۵۵۰ ج ۱۱)

" جب اللہ تعالیٰ نے عرش کو پیدا فرمایا تو اس پر بھی مشرق و مغرب کے نور کے لمبے قلم سے لکھا " لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ " اس کے ذریعے لیتا اور دیتا ہوں اور اس کلمے والی

امت سب امتوں میں سے بہتر ہوگی اور اس میں سب سے بہتر
ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہوگا"۔

مذکورہ تمام احادیث سے معلوم ہوا کہ کلمہ صرف دو حصوں پر مشتمل ہے اور اہل تشیع کے اضافہ کردہ تین حصے ان کے من گھڑت ہیں۔ چونکہ کلمہ کے ان دو حصوں میں کوئی اختلاف نہیں بلکہ اسلام کا دعویٰ کرنے والے سب لوگ پڑھتے ہیں اس لئے صرف نمونہ کے طور پر یہاں چند روایات پیش کی گئیں، ورنہ احادیث اور آثار کا بے انتہا ذخیرہ موجود ہے، جس سے بخوبی معلوم ہوجاتا ہے کہ اسلامی کلمہ کے صرف دو ہی حصے ہیں، زیادہ نہیں۔

ایک جاہلانہ اعتراض

ذہن نشین رکھنا چاہئے کہ کلمہ توحید ورسالت میں عربی عبارت کبھی کبھی اَن یا اَنَّ کے ساتھ بھی آتی ہے اور کبھی شہادۃ کا لفظ بھی آتا ہے اور یہ صرف عربی گرائمر کی وجہ سے آتا ہے ورنہ کلمہ کے حصے صرف وہی دو ہیں یعنی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ شیعہ اکثر اَن پڑھ اور جاہل لوگوں کے سامنے یہ اعتراض کرتے ہیں:

سوال: اگر کلمہ صرف لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہے تو یہ دوسرے الفاظ اَنْ اور اَنَّ وغیرہ کہاں سے آئے؟

جواب: یہ جاہلانہ اور بالکل لغو اعتراض ہے۔ عربی سے معمولی واقفیت رکھنے والا شخص بھی اس کے کھوکھلے پن کو خوب سمجھ سکتا ہے اور عربی جاننے والا ہر شیعہ سنی اس اعتراض کو بے جا اور غلط قرار دیتا ہے۔ لہٰذا ہم اس بات کے پیش نظر خود شیعہ علماء کی کچھ عبارتیں پیش کرتے ہیں، جن میں "اَنْ یا اَنَّ" یا شہادۃ کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، مگر انہوں نے بھی اس کا ترجمہ صرف لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے کیا ہے۔

① قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اربع من کن فیہ کان فی نور اللہ الاعظم من کانت عصمۃ امرہ شہادۃ اَنْ لا الہ الا اللہ وانّی رسول اللہ۔ (خصال شیخ صدوق قمی ص ۲۱۰، ایران)

"تفسیر عیاشی اور الخصال میں اس کا ترجمہ یوں ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث مروی ہے کہ جس شخص میں یہ چار خصلتیں ہوں گی اس کو خدا تعالیٰ کے سب سے بڑے نور میں جگہ ملے گی پہلی چیز یہ کہ اس کے ایمان کی ڈھال یہ کلمہ ہو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ (حاشیہ ترجمہ مقبول، شیعہ ص ۴۵)

② اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ " الخ قال: العدل شہادۃ ان لا الہ الا اللہ و ان محمداً رسول اللہ۔ (تفسیر قمی سورۃ نحل آیت: ۹۰)

"تفسیر قمی اور عیاشی میں جو حدیثیں اس آیت کی تفسیر میں منقول ہیں، ان سب کا خلاصہ یہ ہے کہ العدل سے مراد کلمہ شہادت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ہے۔ (ترجمہ مقبول حاشیہ ص ۵۵۱)

③ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم تَشْهَدُوْنَ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ (تفسیر قمی ج ۲ ص ۲۲۸ نجف)

"جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بس اتنا کہہ دو لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ (حاشیہ مقبول ۹۰۴)

④ علی بن ابراہیم گفتہ کہ عدل گواہی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ است۔ (حیات القلوب فارسی ج ۳ ص ۱۸۴، ایران ملا محمد باقر مجلسی)

علی بن ابراہیم (مصنف تفسیر قمی) نے کہا ہے کہ عدل سے مراد لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

حدَّثنا الحسين بن عليٍّ عليهما السلام قال : قال أميرالمؤمنين عليه السلام للشاميِّ الّذي سأله عن المسائل في جامع الكوفة : أربعة لا يشبعن من أربعة ، أرض من مَطَرٍ⁽¹⁾ وأُنثى منذكر و عين من نَظَر ، و عالم من عِلم ⁽²⁾ .

اربع خصال من كن فيه كان في نور الله الاعظم

٤٩ ـ حدَّثنا أحمد بن مُحمّد بن يحيى العطّار رضي‌الله عنه قال : حدَّثنا سعدبن‌ عبدالله ، عن أحمد بن مُحمّد بن خالد ، عن أبيه ، عن يونس بن عبدالرَّحمن ، عن عمرو بن‌ أبي المقدام ، عن أبي‌عبدالله ، عن أبيه عليهما السلام قال : قال رسول‌الله صلى الله عليه وآله : أربع من كنَّ فيه كان في نورالله الأعظم : من كانت عصمة أمره شهادة أن لا إله إلاّ الله وأنّي‌رسول الله ، و من إذا أصابته مصيبة قال : إنّا لله و إنّا إليه راجعون ، و من إذا أصاب خيراً قال : الحمد لله ربِّ العالمين ، و من إذا أصاب خطيئة قال : أستغفرالله و أتوب إليه .

اربع خصال من كن فيه كمل اسلامه

٥٠ ـ حدَّثنا جعفر بن مُحمّد بن مسرور رضي الله عنه قال : حدَّثنا الحسين بن‌مُحمّد ابن‌عامر ، عن عمّه عبدالله بن عامر ، عن الحسن بن محبوب ، عن أبي أيّوب ، عن أبي‌حمزة ، عن أبي جعفر عليه السلام قال : قال عليُّ بن الحسين عليهما السلام : أربع من كنَّ فيه كمل إسلامه و مُحِصت عنه ذنوبه ⁽²⁾ و لقي ربّه عزَّ وجلَّ و هو عنه راض: من وفى لله عزَّ وجلَّ بما يجعل على نفسه للنّاس، و صدَّق لسانه مع النّاس ، واستحيى من كلِّ قبيح عندالله و عند النّاس ، و حسن خُلقه مع أهله .

---

(١) كذا .

(٢) لانه اذا ذاق اسراره و خاض بحاره صار عنده أعظم اللذات و بمنزلة الاقوات و عبر بعالم دون انسان أورجل لان العلم صعب على المبتدى (السراج المنير) .

(٢) محص الشيء : نقصه بالقد ـ يقال : محص الله عن فلان ذنوبه أى نقصها و طهره منها .



الخصال

جلد اوّل

مولف

شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ

مترجمین

مجاہد حسین حر، سید ظفر حسین نقوی

ناشر

مصباح القرآن ٹرسٹ

أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يُونُسَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي الْمِقْدَامِ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ كَانَ فِي نُورِ اللّٰهِ الْأَعْظَمِ مَنْ كَانَتْ عِصْمَةُ أَمْرِهِ شَهَادَةَ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَ أَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ وَ مَنْ إِذَا أَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ قَالَ إِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ وَ مَنْ إِذَا أَصَابَ خَيْراً قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَ مَنْ إِذَا أَصَابَ خَطِيئَةً قَالَ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ أَتُوبُ إِلَيْهِ.

حضرت رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ جس میں چار اوصاف ہوں گے وہ اللہ کے نور اعظم میں ہوگا: (۱) خدا کے یکتا ہونے میرے رسول ہونے (۲) جب مصیبت سے دو چار ہو تو کہے انا للہ وانا الیہ راجعون (۳) اور جب بھلائی حاصل ہو تو کہے الحمد للہ رب العالمین (۴) اور جب گناہ سرزد ہو تو کہے: استغفر اللہ واتوب الیہ۔

أربع خصال من كن فيه كمل إسلامه

جس شخص میں چار باتیں ہوں گی اس کا اسلام کامل ہوگا

﴿ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْرُورٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مَحْبُوبٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ أَبِي حَمْزَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ أَرْبَعٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ كَمَلَ إِسْلَامُهُ وَ مُحِّصَتْ عَنْهُ ذُنُوبُهُ وَ لَقِيَ رَبَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ وَ هُوَ عَنْهُ رَاضٍ مَنْ وَفَى لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ بِمَا يَجْعَلُ عَلَى نَفْسِهِ لِلنَّاسِ وَ صَدَقَ لِسَانُهُ مَعَ النَّاسِ وَ اسْتَحْيَا مِنْ كُلِّ قَبِيحٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَ عِنْدَ النَّاسِ وَ حَسُنَ خُلُقُهُ مَعَ أَهْلِهِ.

امام زین العابدین ؑ نے فرمایا ہے کہ جس شخص میں چار باتیں ہوں گی اس کا اسلام کامل ہوگا اور اس کے گناہ مٹ جائیں گے اور جب وہ خدا سے ملاقات کرے تو اس کا رب راضی ہوگا: (۱) اس نے لوگوں سے جو وعدہ کیا ہے اسے خدا کی خاطر وفا کرے (۲) وہ لوگوں سے ہمیشہ سچ بولے (۳) اور جو بات بھی اللہ کے نزدیک قبیح ہے اس سے شرم کرے (۴) اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ با اخلاق ہو۔

أربع كلمات حكم

چار حکمت آمیز کلمات

﴿ حَدَّثَنَا أَبِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْعَطَّارُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ يَزِيدَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ بِإِسْنَادِهِ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ لَيْسَ لِلْبَحْرِ جَارٌ وَ لَا لِلْمَلِكِ

صَدُّوا عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ

بِمَا كَانُوا يُفْسِدُونَ ۝ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ

شَهِيدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ أَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ

هٰؤُلَاءِ ۚ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى

وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِينَ ۝ إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ

الْإِحْسَانِ وَإِيتَائِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاءِ

وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ وَأَوْفُوا بِعَهْدِ

اللّٰهِ إِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْأَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيدِهَا وَ

قَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلًا ۚ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُونَ ۝

وَلَا تَكُونُوا كَالَّتِي نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْ بَعْدِ قُوَّةٍ أَنْكَاثًا ۚ

تَتَّخِذُونَ أَيْمَانَكُمْ دَخَلًا بَيْنَكُمْ أَنْ تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرْبٰى

مِنْ أُمَّةٍ ۚ إِنَّمَا يَبْلُوكُمُ اللّٰهُ بِهِ ۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ

الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ

لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ

قرآن مجید مترجم

مقبول ترجمہ

ثمّ قال لنبيّه ﷺ: ﴿وَجِئْنا بِكَ - يا محمّد - شَهِيداً عَلَىٰ هٰؤُلاءِ﴾ يعني على الأئمّة، فرسول الله شهيد على الأئمّة، وهم شهداء على الناس.[1]

قوله: ﴿إِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسانِ وَإِيتاءِ ذِي الْقُرْبىٰ وَيَنْهىٰ عَنِ الْفَحْشاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ﴾ «٩٠»

قال: العدل: شهادة أن لا إله إلّا الله، وأنّ محمّداً رسول الله ﷺ، والإحسان: أمير المؤمنين ﵇. والفحشاء والمنكر والبغي: [فلان وفلان وفلان][2].[3]

٨ - حدّثنا محمّد بن أبي عبدالله، قال: حدّثنا موسى بن عمران، قال: حدّثني الحسين بن يزيد، عن إسماعيل بن مسلم، قال: جاء رجل إلى أبي عبدالله جعفر بن محمّد ﵇ وأنا عنده، فقال: يابن رسول الله ﴿إِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسانِ وَإِيتاءِ ذِي الْقُرْبىٰ وَيَنْهىٰ عَنِ الْفَحْشاءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ﴾.

وقوله: ﴿أَمَرَ﴾ ربّي ﴿أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيّاهُ﴾؟ فقال: «نعم، ليس لله في عباده أمر إلّا العدل والإحسان، فالدعاء من الله عامّ، والهدى خاصّ، مثل قوله: ﴿وَيَهْدِي مَنْ يَشاءُ إِلىٰ صِراطٍ مُسْتَقِيمٍ﴾»[4] ولم يقل: ويهدي جميع من دعاه إلى صراط مستقيم.[5]

وقال عليّ بن إبراهيم في قوله: ﴿وَأَوْفُوا بِعَهْدِ اللهِ إِذا عاهَدْتُمْ وَلا تَنْقُضُوا الْأَيْمانَ بَعْدَ تَوْكِيدِها وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللهَ عَلَيْكُمْ كَفِيلاً - إلى قوله - ما عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَما عِنْدَ اللهِ باقٍ﴾ «٩١ - ٩٦»

٩ - فإنّه حدّثني أبي، رفعه، قال: قال أبو عبدالله ﵇: «لمّا نزلت الولاية، وكان من

(١) عنه البحار: ٣٤١/٢٣ ح١٨ (قطعة) وج٣١/٥٧٨ ح٩ (قطعة)، والبرهان: ٤٤٣/٣ ح١، ونور الثقلين: ٨٧/٤ ح١٧٠ و١٧١.

(٢) «الأوّل والثاني والثالث» «حبتر وزريق ونعثل» خ.

(٣) عنه البحار: ١٨٨/٢٤ ح٦، وج٣٠/١٧١ ح٢٦، وج٣٦/١٧٩ ح١٧٢، والبرهان: ٤٤٧/٣ ح١، ونور الثقلين: ٩٢/٤ ح١٩٣.

(٤) يونس: ١٠.

(٥) عنه البحار: ١٩٨/٥ ح١٥، والبرهان: ٤٤٨/٣ ح٢، ونور الثقلين: ٩٢/٤ ح١٩٤.



پس جبرئیل بسوی میکائیل نظر کرد و گفت: سزاوار است که خدا چنین بنده‌ای را حبیب خود خوانده است و او را بهترین فرزندان آدم گردانیده است؛ پس آن حضرت را بر پشت خوابانید و آن جناب فرمود که: ای جبرئیل! چه می‌کنی؟

گفت: باکی نیست بر تو و نمی‌کنم مگر آنچه خیر است از برای تو، پس به بال خود شکم مبارک آن حضرت را شکافت و از میان دل حقایق منزلش نقطهٔ سیاهی بیرون آورد و آن دل را با آب بهشت شست و میکائیل آب می‌ریخت.

از آن حضرت پرسیدند که: جبرئیل دل تو را از چه چیز شست؟

فرمود که: از شک و شبهه‌ها و فتنه‌ها و هرگز کفر بر دل من نبود و پیغمبر بودم در وقتی که روح آدم هنوز به بدنش تعلق نگرفته بود.

پس اسرافیل مهری بیرون آورد که در آن دو سطر نوشته بود: «لا اله الا الله محمد رسول الله» پس آن مهر را بر میان دو کتف آن حضرت گذاشت تا نقش گرفت.

و به روایت دیگر: بر دل او گذاشت[1] تا پر از نور گردید و از نور او جهان روشن شد؛ پس دردائیل سر آن سرور را در دامن خود گرفت و آن حضرت به خواب رفت پس در خواب دید که از سرش درختی عظیم روئید و بسوی آسمان بلند گردید و شاخهایش تنومند شد و از هر شاخهایش شاخها پدید آمد و در زیر درخت گیاه بسیار دید که وصف نتوان کرد، پس منادی ندا کرد آن حضرت را که: ای محمد! این درخت، توئی؛ و شاخهای آن، اهل بیت تواَند؛ و آن گیاهها که در زیر درخت روئیده است، محبّان و موالیان تو و اهل بیت تواَند، پس بشارت باد تو را ای محمد به پیغمبری عظیم و ریاست بزرگ.

پس دردائیل ترازوئی بیرون آورد که هر کفهٔ آن در گشادگی مانند مابین آسمان و زمین بود، پس آن حضرت را در یک پلهٔ ترازو گذاشت و صد نفر از اصحاب آن حضرت را در پلهٔ دیگر گذاشت، و آن حضرت زیادتی کرد، پس هزار نفر از خواصّ صحابه را در آن پله گذاشت و باز حضرت زیادتی کرد، پس نصف امّت را در آن پله گذاشت و باز آن حضرت

۱. شرح نهج البلاغه ابن ابی الحدید ۲۰۵/۳؛ الانوار ۲۱۳.



فصل سی و هشتم

در تأویل آیات عدل و معروف و احسان و قسط و میزان به ولایت ائمه ﷺ، و تأویل کفر و فسوق و عصیان و فحشاء و منکر و بغی به عداوت و ترک ولایت ایشان و آیات در این باب بسیار است

اول: ﴿إِنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ ذِي الْقُرْبَىٰ وَيَنْهَىٰ عَنِ الْفَحْشَاءِ وَا
وَالْبَغْيِ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ﴾[1] یعنی: «بدرستی که خدا امر می‌کند به ع
وَنیکوکاری و عطا کردن به خویشان و نهی می‌کند از کار زشت و ناپسندیده و ظلم
می‌دهد خدا شما را شاید که شما پند گیرید».

علی بن ابراهیم گفته که: عدل، گواهی لا اله الا الله و محمد رسول الله است؛ و ا
امیرالمؤمنین ﷺ؛ و فحشا و منکر و بغی، ابوبکر و عمر و عثمان است[2].

و در ارشاد القلوب از حضرت باقر ﷺ روایت کرده است که: عدل، شهادتِ أ
و رسالت است؛ و احسان، ولایت امیرالمؤمنین ﷺ و اطاعت اوست؛ و ایتاء ذی ا
اداء حق حسن و حسین ﷺ است و امامان از فرزندان حسین ﷺ؛ و فحشاء و
و بغی، آنهایند که ستم کردند بر اهل بیت و کشتند ایشان را و منع حق ایشان کردند

۱. سورهٔ نحل: ۹۰.
۲. تفسیر قمی ۱/۳۸۸.
۳. بحار الانوار ۲۴/۱۸۸ به نقل از ارشاد القلوب.

کتابخانه
مرکز تحقیقات کامپیوتری علوم اسلامی
شماره ثبت: ۰۰۶۲۰۹
تاریخ ثبت:

امام شناسی

علامه مجلسی

تحقیق
سید علی امامیان

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی گواہی دیتا ہے۔

(حیات القلوب اردو ج ۳ ص ۳۶۱، ناشر امامیہ کتب خانہ لاہور)

⑤ عَنْ عبداللہ علیہ السلام فی قول اللہ عزوجل (فَکَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِیْهِمْ خَیْرًا) قَالَ الْخَیْرُ ان یشهد ان لا اله الا الله و ان محمدا رسول الله۔

(من لا یحضره الفقیه ج ۳ ص ۷۸ ایران)

تفسیر المتقین اردو ص: ۴۵۹، تالیف سید امداد حسین کاظمی شہیدی:

امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ خیر سے مراد ہے کہ وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کی شہادت دے۔

(تفسیر المتقین ص ۴۵۹ سورۂ نور، سید امداد حسین کاظمی شہیدی)

⑥ من لا یحضره الفقیه...... کی اسی عربی عبارت کا ترجمہ حاشیہ ترجمہ مقبول ص ۷۰۴ میں یوں کیا گیا ہے۔

الفقیہ میں امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ خیر سے مراد ہے کہ...... لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ...... کا قائل ہو۔

⑦ ثم بعث الله محمدا صلی اللہ علیہ وسلم و هو بمكة عشر سنین فلم یمت بمکة فی تلك العشر سنین احد یشهد ان لا اله الا الله و ان محمدا رسول الله الا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِاِقْرَارِهٖ۔

(اصول کافی ج ۲ ص ۲۹ کتاب الایمان و الکفر مطبوعه ایران)

کتاب الشافی ترجمہ اصول کافی:

اس کے بعد اللہ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا وہ مکہ میں دس سال اس طرح رہے

جملہ حقوق دائمی بحق ناشر محفوظ ہیں۔

یَوْمَ نَدْعُوا کُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِہِمْ

اُردو ترجمہ

حیات القلوب

جلد سوم

در بیانِ امامت

مؤلفہ
علامہ سید محمد باقر مجلسی علیہ الرحمہ
مترجمہ
مولوی سید بشارت حسین صاحب کامل مرزا پوری

ناشر
امامیہ کتب خانہ
مغل حویلی - اندرون موچی دروازہ
حلقہ ۴ لاہور ۸

اڑتیسویں فصل

اس تاویل کے بیان میں کہ آیات عدل و احسان و قسط و میزان سے ولایت ائمہ علیہم السلام اور کفر و فسوق و عصیان و فحشا و منکر و بغی سے مراد ان کی عداوت اور ولایت کا ترک کرنا ہے۔ اس باب میں بہت سی آیتیں ہیں۔

پہلی آیت اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآءِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ (پ۱۴ سورہ نحل آیت ۹۰)

یعنی یقیناً خداوند عالم انصاف اور احسان اور عزیزوں کے ساتھ نیکی کرنے کا حکم دیتا ہے اور برائیوں اور ناپسندیدہ افعال اور ظلم سے منع کرتا ہے خدا تم کو نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔ علی بن ابراہیم نے کہا ہے کہ عدل سے مراد لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کی گواہی دینا ہے اور احسان سے مراد امیرالمومنینؑ ہیں اور بغی و فحشا و منکر سے تینوں ستمگار مراد ہیں (یعنی اس امت کے فرعون و ہامان و قارون) ارشاد القلوب میں حضرت امام باقرؑ سے روایت کی ہے کہ عدل سے مراد توحید و رسالت کی گواہی ہے اور ایتاء ذی القربیٰ سے مراد حسنؑ و حسینؑ اور فرزندان امام حسینؑ میں سے ائمہ طاہرینؑ مراد ہیں۔ اور فحشا و منکر و بغی سے وہ لوگ مراد ہیں جنھوں نے اہلبیتؑ پر ظلم کئے ان کو قتل کیا اور ان کا حق غصب کیا۔ اور عیاشی نے حضرت صادقؑ سے روایت کی ہے کہ عدل سے مراد توحید کی گواہی دینا ہے اور ایتاء ذی القربیٰ سے مراد ہر امام کا اپنے بعد کے امام کو امامت سپرد کرنا ہے اور فحشا و منکر و بغی ائمہ ظالمین کی محبت ہے۔ اور حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے کہ عدل سے مراد شہادتین ہے اور احسان سے ولایت امیرالمومنینؑ ہے اور فحشا ظالم اول اور منکر ظالم دوم اور بغی ظالم سوم ہے۔ دوسری روایت کے مطابق فرمایا کہ عدل سے مراد ذات سرور کائناتؐ ہے جس نے آنحضرتؐ کی اطاعت کی تو اسنے عدل کیا اور احسان سے مراد امیرالمومنین علیہ السلام ہیں۔ جس نے آپ کی ولایت اختیار کی اس نے نیکی اختیار کی اور محسن یعنی نیکی کرنے والے کی جگہ بہشت میں ہے۔ اور ایتاء ذی القربیٰ سے مراد ہمارے قرابت کی رعایت کرنا ہے کیونکہ خدا نے ہماری اور ہمارے فرزندوں کی مودت و محبت کا حکم دیا ہے اور منع کیا ہے لوگوں کو فحشا و منکر و بغی سے یعنی ان لوگوں سے محبت کرنے کو جنھوں نے ہم سے بغاوت کی اور ہم پر ظلم کیا اور لوگوں کو غیروں کی طرف بلایا۔ اور قرات ابن ابراہیم نے حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے عدل رسول خداؐ ہیں

(۵۰۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تعزیت جنت کا وارث بنا دیتی ہے۔

(۳۶۸) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے قول خدا "اللہ یتوفی الانفس حین موتھا" (خدا ہی لوگوں کے مرنے کے وقت ان کی روحیں اپنی طرف کھینچ بلاتا ہے) (سورہ الزمر آیت نمبر ۴۲) اور قول خدا " قل یتوفاکم ملک الموت الذی و کل بکم " (اے رسول کہہ دو کہ ملک الموت جو تم لوگوں پر تعنیات ہے وہی تمہاری روحیں قبض کرے گا (سورہ السجدہ آیت نمبر ۱۱) اور قول خدا " الذین تتوفاھم الملائکۃ طیبین " (یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کی روحیں فرشتے اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (نجاست کفر سے) پاک و پاکیزہ ہوتے ہیں) (سورہ نحل آیت نمبر ۳۲) اور قول خدا " الذین تتوفاھم الملائکۃ ظالمی انفسھم " (یہ وہ لوگ ہیں کہ فرشتے انکی روح قبض کرتے اور وہ (کفر کر کے) آپ اپنے اوپر ستم ڈھاتے رہتے ہیں) (سورہ نحل آیت نمبر ۲۸) اور قول خدا " توفتہ رسلنا " (ہمارے فرستادہ فرشتے اسکی روح قبض کرتے ہیں) (سورہ انعام آیت نمبر ۶۱) اور قول خدا " و لو تری اذ یتوفی الذین کفروا الملائکۃ " (کاش اے رسول تم دیکھتے جب فرشتے کافروں کی جان نکالتے ہیں) (سورہ انفال آیت نمبر ۵۰) کے متعلق پوچھا اور کہا کہ وقت واحد میں لوگ اتنے مرتے ہیں کہ انکا شمار اللہ کے سوا کوئی نہیں کرسکتا تو یہ کیسے ہوتا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ملک الموت کیلئے فرشتوں میں سے کچھ مددگار مقرر کردیئے ہیں جو روحیں قبض کرتے ہیں وہ بمنزلہ سپاہی کے ہیں۔ کچھ انسانوں میں سے بھی اسکے اعوان ہیں جنہیں وہ اپنے حوائج کیلئے بھیجتا ہے اور ملائکہ انکی روحیں قبض کرلیتے ہیں اور جو کچھ یہ ملائیک قبض کرتے ہیں اس پر ملک الموت قابض ہوتا ہے اور جس پر ملک الموت قابض ہوتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ قابض ہوتا ہے۔

(۳۶۹) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت علیؑ کا دوستدار حضرت علیؑ کی تین مقامات پر زیارت کرے گا اور خوش ہوگا، موت کے وقت، صراط پر، اور حوض کوثر پر۔

اور جو لوگ نماز کے پابند ہیں ملک الموت ان سے شیطان کو خود دفع کرتا ہے اور اس عظیم وقت پر وہ انہیں لا الہ الا اللہ و ان محمداً رسول اللہ کی شہادت کی تلقین کرتا ہے۔

(۳۷۰) حضرت امیرالمومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ جب کسی بندے کے لئے دنیا کا آخری دن اور آخرت کا پہلا دن ہوتا ہے تو اس کے سامنے اس کا مال، اسکی اولاد، اور اسکا عمل ممثل، اور شبیہ بن کر آتے ہیں بس وہ اپنے مال کی طرف ملتفت ہوتا ہے اور کہتا ہے کہ خدا کی قسم میں تجھ پر بے حد حریص تھا اب میرے لئے تیرے پاس کیا ہے تو وہ جواب دیتا ہے کہ تم مجھ سے صرف اپنا

(۵۰۷)　رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تعزیت جنت کا وارث بنا دیتی ہے۔

(۵۰۸)　حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ایک شخص کو اسکے لڑکے کی تعزیت ادا کی اور فرمایا تمہارے لڑکے کیلئے تم سے بہتر اللہ کی ذات ہے اور تمہارے لئے تمہارے لڑکے سے بہتر اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ ثواب ہے۔ پھر آپ کو خبر ملی کہ اسکے بعد بھی وہ گریہ وزاری کر رہا ہے تو آپ پھر اسکے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی تو انتقال فرمایا کیا تیرے لئے انکی مثال کافی نہیں ہے۔ اس نے کہا یہ نوجوان تھا۔ آپ نے فرمایا (پرواہ نہ کر) اس کے آگے تین چیزیں ہیں لا الہ الا اللہ کی شہادت پھر اللہ کی رحمت پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت اور ان تینوں میں سے ایک بھی اسکو انشاء اللہ تعالیٰ فوت نہ ہونے دیگی۔

(۵۰۹)　اور ابو بصیر نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا ہے صاحب مصیبت کیلئے مناسب ہے کہ ردا اپنے دوش پر نہ ڈالے اور صرف قمیض پہنے رہے تاکہ پہچانا جاسکے اور اسکے پڑوسیوں کو چاہیئے کہ اسکی طرف سے یہ لوگ تین دن کھانا کھلائیں۔

(۵۱۰)　نیز آپ نے فرمایا کہ ملعون ہے وہ شخص جو دوسرے کی مصیبت میں اپنے دوش سے ردا اتار دے۔

(۵۱۱)　اور جب حضرت امام علی النقی علیہ السلام نے وفات فرمائی تو دیکھا گیا کہ امام حسن عسکری علیہ السلام اپنے گھر میں سے برآمد ہوئے انکی قمیض آگے سے بھی چاک تھی اور پیچھے سے بھی۔

(۵۱۲)　اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سعد بن معاذ رحمہ اللہ کے جنازے میں اپنی ردا دوش سے اتار دی تھی تو آپ سے اسکے متعلق دریافت کیا گیا آپ نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ ملائکہ نے بھی اپنی ردائیں اتار دی ہیں تو میں نے بھی اپنی ردا اتار دی۔

(۵۱۳)　حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ اگر بلا و مصیبت سے قبل صبر نہ پیدا کر دیا جاتا تو مومن اسطرح پاش پاش ہو تا جس طرح انڈا پتھر پہ گر کر پاش پاش ہوتا ہے۔

(۵۱۴)　رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چار چیزیں جس کے اندر ہونگی وہ نور خدا کے احاطہ میں ہوگا اور ان میں بھی سب سے عظیم وہ ہے کہ جس کے پاس سب سے ٹھوس اور مستحکم شے اس امر کی شہادت ہو کہ اللہ کے سوا کوئی اللہ نہیں اور یہ کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ دوسرے یہ کہ جب کسی مصیبت میں مبتلا ہو تو کہے انا للہ و انا الیہ راجعون۔ تیسرے یہ کہ جب اسے کوئی بھلی (اچھی) چیز ملے تو کہے الحمد للہ رب العالمین اور چوتھے یہ کہ جب اس سے کوئی خطا سرزد ہو تو کہے استغفر اللہ و اتوب الیہ۔

(۵۱۵)　اور امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ ہر وہ مومن کہ جب اس پر دنیا میں کوئی مصیبت پڑے اور وہ انا للہ و انا الیہ راجعون کہے اور وقت مصیبت صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اسکے پچھلے گناہ سوائے ان گناہان کبیرہ کے سب معاف کردیگا

فرمایا تو اس کو اپنی داہنی جانب رکھو اور اگر چ کے راستہ پر ہو تو اسکو اپنے دونوں کاندھوں کے درمیان رکھو۔

باب عمر کی وہ حد جس میں بچوں سے نماز کے لئے مواخذہ کیا جائے

(۸۶۱) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہم لوگ اپنے بچوں کو جب وہ پانچ سال کے ہوتے ہیں تو انہیں نماز کا حکم دیتے ہیں تم لوگ اپنے بچوں کو جب سات سال کے ہو جائیں تو نماز کا حکم دو۔ ہم لوگ اپنے بچوں کو جب وہ سات سال کے ہو جاتے ہیں تو روزے کا حکم دیتے ہیں اور جتنی ان میں برداشت کی طاقت ہوتی ہے وہ ایک دن میں رکھتے ہیں۔ آدھے دن یا اس سے زیادہ یا آدھے دن سے کم جب ان پر بھوک پیاس کا غلبہ ہوتا ہے تو افطار کر لیتے ہیں۔ تاکہ وہ روزہ رکھنے کے عادی ہو جائیں اور ان میں اسکی برداشت آجائے۔ تم لوگ اپنے بچوں کو جب وہ نو (۹) سال کے ہو جائیں تو ان کو روزہ رکھنے کا حکم دو اور جب ان پر پیاس کا زیادہ غلبہ ہو تو افطار کر لیں۔

(۸۶۲) حسن بن قارن سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ ایک مرتبہ میں نے حضرت ابوالحسن رضا علیہ السلام سے سوال کیا یا کسی نے آپ سے سوال کیا اور میں نے سنا ایسے شخص کے متعلق کہ اس کے لڑکے کی ختنہ ہوئی تھی اور اس نے ایک دن یا دو (۲) دن نماز نہیں پڑھی آپ نے اس سے پوچھا کہ لڑکا کتنے سال کا ہے؟ اس نے عرض کیا کہ آٹھ سال کا آپ نے فرمایا سبحان اللہ وہ آٹھ سال کا ہو گیا اور اس نے نماز چھوڑی۔ اس نے عرض کیا اسے درد ہو رہا تھا آپ نے فرمایا وہ جتنی پڑھ سکتا ہو پڑھے۔

(۸۶۳) عبداللہ بن فضالہ نے روایت کی ہے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے راوی کا بیان ہے کہ میں نے آنجناب کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب لڑکا تین سال کا ہو جائے تو اس سے کہو کہ وہ سات مرتبہ لاالہ الااللہ کہے۔ پھر اسے چھوڑ دو اور اب جبکہ وہ تین سال سات ماہ اور بیس دن کا ہو جائے تو اس سے کہا جائے کہ سات مرتبہ محمد الرسول اللہ کہو اور پھر چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ وہ چار سال کا ہو جائے تو اس سے کہا جائے کہ سات مرتبہ صلی اللہ علی محمد و آلہ کہو اور پھر چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ وہ پورا پانچ سال کا ہو جائے تو اس سے پوچھا جائے کہ تمہارا داہنا ہاتھ کون سا ہے اور بایاں ہاتھ کون سا ہے اگر وہ اپنا دایاں اور بایاں پہچاننے لگا ہے تو اس کا منہ قبلہ کی طرف کر کے کہا جائے کہ سجدہ کرو اور پھر چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ وہ پورا سات سال کا ہو جائے اور جب پورا سات سال کا ہو جائے تو اس سے کہا جائے تم اپنا منہ اور اپنے ہاتھ دھوؤ جب وہ اپنے دونوں ہاتھ اور منہ دھوئے تو اس سے کہا جائے کہ نماز پڑھو۔ پھر اسے چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ اس کے نو سال پورے ہو جائیں اور جب وہ نو سال کا پورا ہو جائے تو اسکو وضو کی تعلیم دی جائے اور مار کے سکھایا جائے اور اسے نماز کا حکم دیا جائے اور اسے مار مار کے پڑھایا جائے اور جب وہ وضو اور نماز سیکھ لے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اسکے والدین کو اللہ بخش دیگا۔

مترجم

جناب الحاج مولانا اشفاق حسین

ابو منصور احمد ابن علی ابن ابی طالب طبرسی

(از علمائے اوائل قرن ششم)

احتجاج طبرسی

حصہ (اول ۔ دوئم)

ناشر

ادارہ تحفظ حسینیت

لاہور پاکستان

گے تو اس بچہ کو ذبح کر کے پکاؤں گی اور وقت ورود مدینہ آپ کو کھلاؤں گی، میں اپنے اونٹ سے اترا اور میں نے اس غذا کیطرف ہاتھ بڑھایا وہ بھنا ہوا بچہ حرکت میں آیا اور گویا ہوا، اے محمد رسول اللہ! مجھے مت کھائے، مجھ میں زہر ملایا گیا ہے، میں مسموم ہوں۔

یہود! آپ نے صحیح فرمایا۔ بہت بڑی بات، رسول اکرم: یہ پانچویں بات۔

یہود! صرف ایک سوال باقی ہے کوئی دوسرا سوال نہیں۔ رسول اکرم: پوچھو

یہود! سلیمان پیغمبر آپ سے بہتر تھے کیونکہ شیاطین جن وانس وحوش وطیور اور ہواؤں پر حاکم تھے۔

رسول اکرم: خدا نے میرے لئے براق کو مسخر کیا جو تمام دنیا سے بلند و برتر ہے۔ یہ بہشت کا ایک حیوان ہے جس کا چہرہ انسان کے چہرہ کیطرح، قدم گھوڑوں کے قدموں کی مانند، دم گائے کے دم کی طرح اور ایک جثہ وجسم جو گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا ہے، اس کی زین یاقوت سرخ کی، رکاب سفید موتی کی اور اس کی ہزار لگام سونے کی ہے، اس کے دو پر ہیں جو یاقوت، موتی اور زبرجد سے مزین ہیں اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوا ہے،

"لا اله الا الله وحده لا شریک له ان محمد رسول الله"

یہود! آپ نے بالکل درست فرمایا، توریت میں یہی تحریر ہے۔

ہم آپ کی رسالت کی گواہی دیتے ہیں۔

رسول اکرم: حضرت نوح ساڑھے نو سو سال اپنی قوم کی تبلیغ میں مصروف رہے، اس مدت میں بہت کم لوگ ایمان لائے اور بہت کم مقدار میں لوگوں نے دعوت قبول کی، خدا ان کے بارے میں فرماتا ہے کہ

﴿وما آمن معه الا قلیل﴾

ان پر ایمان نہیں لائے مگر کم۔ میں بہت کم مدت کیلئے تبلیغ پر مامور ہوا ہوں پھر بھی مجھ پر بہت لوگ ایمان لائے اور میری دعوت قبول کی۔

جنت کیلئے ایک سو بیس صفیں تشکیل دی جائیں گی ان میں سے اسی (۸۰) صفیں صرف میری امت

اردو ترجمہ
حیات القلوب
جلد دوم
مؤلفہ علامہ مجلسی علیہ الرحمۃ
مولوی سید بشارت حسین صاحب کامل مرزا پوری

پہنایا؛ اور محبت کا کمربند اس کی کمر میں باندھا؛ اور نعلین خوف و بیم اس کے پاؤں میں ڈالی؛ اور عصائے منزلت ہاتھ میں دیا۔ پھر وحی کی کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) لوگوں کے پاس جاؤ اور کہو کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا اقرار کریں۔ اُس پیراہن خوشنودی کی اصل تھی جو ہر دل سے تھی بلبائی یاقوت کی۔ اس کی آستینیں مروارید کی اس کے دامن بلور زرد کے۔ اور نعل کے ٹکڑے زبرجد کے۔ اُس کا گریبان مرجان سُرخ کا اور گریبان کے چاک نُور پروردگارِ عالم سے بنے ہوتے تھے۔ خُدا نے آدمؑ کی توبہ اُسی پیراہن کے سبب سے قبول کی۔ اسی کی برکت سے یوسفؑ کو یعقوبؑ سے ملایا۔ یونسؑ کو اسی کی کرامت کے سبب مچھلی کے شکم سے نجات دی؛ اسی پیراہن کی برکت سے ہر پیغمبر نے تکلیف و مصیبت سے نجات پائی، اور وہ پیراہن کوئی اور پیراہن نہ تھا بلکہ محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیراہن تھا۔

بسندِ معتبر منقول ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے لوگوں نے پُوچھا کہ قبل اس کے کہ حق تعالےٰ آسمان و زمین اور روشنی و تاریکی کو پیدا کرے، آپ حضرات کہاں تھے۔ حضرتؑ نے فرمایا عرش کے گرد ہم نُور کے چند اجسام تھے، اور خُدا کی حمد کیا کرتے تھے۔ پچیس ہزار سال قبل اس کے کہ خُدا نے آسمان و زمین و روشنی و تاریکی خلق فرمائے جب خُدا نے آدمؑ کو پیدا کیا، ہم کو اُن کے صلب میں جگہ دی اور ہمیشہ پاک صلب سے پاکیزہ رحم میں منتقل کرتا رہا یہاں تک کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مبعوث فرمایا۔

متعدد طریق سے عبداللہ بن عباس سے منقول ہے کہ حضرت سرورِ کائناتؐ نے فرمایا کہ خُدا نے آدمؑ کی خلقت سے بارہ ہزار سال پہلے مجھ کو اور علیؑ کو زیرِ عرش ایک نور سے پیدا کیا جب آدمؑ کو خلق فرمایا، اس نور کو اُن کے صلب میں قرار دیا۔ پھر وہ نُور ایک صلب سے دُوسرے صلب میں منتقل ہوتا رہا یہاں تک کہ ہم دونوں صلب عبداللہ و ابو طالب میں علیحدہ علیحدہ ہوئے۔

بسند ہائے دیگر معاذ بن جبل سے منقول ہے کہ حضرت رسالت پناہؐ نے فرمایا کہ بے شبہ خُدا نے مجھ کو اور علیؑ کو اور فاطمہؑ و حسنؑ و حسینؑ کو دُنیا کی خلقت سے سات ہزار سال پہلے خلق فرمایا۔ معاذ نے پُوچھا یا رسُول اللہ پھر آپ کہاں تھے؟ فرمایا کہ ہم زیرِ عرش تھے، اور خُدا کی تسبیح و تحمید و تقدیس و تمجید کرتے تھے۔ پُوچھا اُس وقت آپ حضرات کس کے مثل و مانند تھے؟ فرمایا ہم نُور کے چند اجسام تھے جب خُدا نے چاہا کہ ہماری صورت خلق فرمائے، ہم کو نُور کا ایک ستون بنا کر صلبِ آدمؑ میں جگہ دی پھر اس کو باپ دادا کے صلبوں سے ماؤں کے رحموں میں منتقل کرتا رہا۔ اور ہم کو نجاست، شرک و زنا سے ہمیشہ پاک رکھا جو زمانۂ کفر میں ہوتا تھا۔ اور ہر زمانہ میں چند گروہ ہم پر ایمان لانے کے سبب سعادت مند ہوتے رہے، اور چند گروہ جو ہم پر ایمان نہیں لائے شقی و بدبخت ہوتے رہے جب ہم کو صلب عبدالمطلب میں لایا، اُس نور کے دو حصے کئے۔ نصف عبداللہ کے صلب میں اور دوسرا نصف صلب ابو طالب میں قرار دیا۔ پھر میرا نور رحمِ آمنہؓ میں منتقل ہوا، اور نصفِ دیگر فاطمہ بنت اسد کے رحم میں آیا۔ آمنہؓ سے میں پیدا ہوا اور فاطمہ سے علیؑ۔ پھر وہ تمام عمود نور میری طرف واپس آیا اور میری بیٹی فاطمہؑ پیدا ہوئی۔ پھر وہ تمام عمود نور علیؑ کی جانب منتقل ہوا اور حسنؑ و حسینؑ نور کے دونوں حصوں سے پیدا ہوئے۔ اسی طرح میرا نور حسینؑ کے

دریائے خشوع و دریائے تواضع و دریائے رضا و دریائے وفا و دریائے حلم و دریائے پرہیز گاری و دریائے خشیت و دریائے انابت و دریائے عمل و دریائے مزید و دریائے ہدایت و دریائے صیانت و دریائے حیا میں یہاں تک کہ اُن بیشتوں دریاؤں میں غوطہ دیا۔ جب وُہ آخری دریا سے باہر آیا تو اس سے خدا نے خطاب فرمایا کہ اے میرے حبیبؐ اے تمام پیغمبروں سے بہتر اور میری خلقت اوّل اور میرے آخری رسولؐ میں نے تجھ کو شفیع روزِ جزا قرار دیا۔ یہ سُنکر وُہ نور درخشاں سجدے میں گر پڑا۔ جب سجدہ سے سر اُٹھایا تو ایک لاکھ چالیس ہزار قطرے اُس نور سے ٹپکے۔ خُدا نے ہر قطرے سے ایک ایک پیغمبر کی خلقت فرمائی جن کے نور حضرت سرورِ کائناتؐ کے نور کے گرد طواف کرتے تھے اور کہتے تھے سُبحان من ھو عالم لا یجھل سُبحان من ھو حلیم لا یعجل سُبحان من ھو غنی لا یفتقر۔ پھر خدا نے ان سب کو ندا دی کہ آیا مجھ کو پہچانتے ہو؟ یہ سُنکر نورِ آنحضرتؐ نے سب سے پہلے کہا، انت اللہ الذی لا الٰہ الا انت وحدك لا شریك لك رب الارباب وملك الملوك (تو خدا ہے وُہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو واحد ہے تیرا کوئی شریک نہیں تُو ربّ الارباب ہے اور بادشاہوں کا بادشاہ ہے) تو خُدا نے فرمایا کہ تو میرا برگزیدہ، میرا دوست اور میری مخلوق میں سب سے بہتر ہے، اور تیری اُمت تمام اُمتوں سے افضل ہے۔ پھر آنحضرتؐ کے نور سے خدا نے ایک جوہر پیدا کیا اور اس کو دو حصوں میں تقسیم فرمایا۔ ایک حصہ پر بنظرِ ہیبت نگاہ ڈالی تو وُہ آبِ شیریں ہو گیا۔ پھر دُوسرے حصہ کو نگاہِ شفقت سے دیکھا اور اُس سے عرش کو خلق فرمایا، اور پانی پر رکھا۔ پھر نورِ عرش سے کرسی کو اور نورِ کرسی سے لوح کو اور نورِ لوح سے قلم کو پیدا کیا، اور قلم کو وحی فرمائی کہ میری توحید لکھ تو وُہ کلام الٰہی سُنکر ہزار سال تک مدہوش رہا۔ جب ہوش میں آیا تو عرض کی پالنے والے کیا لکھوں۔ فرمایا لکھ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ جب قلم نے نام محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سُنا تو سجدہ میں گر پڑا۔ اور کہا سُبْحَانَ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ سُبحان العظیم الاعظم۔ پھر سر اُٹھا کر شہادتین تحریر کیا اور عرض کی خُداوندا محمدؐ کون ہیں جن کے نام کو اپنے نام سے اور جن کی یاد کو اپنی یاد سے تُو نے متصل فرمایا ہے؟ خُدا نے وحی فرمائی کہ اے قلم! اگر وُہ نہ ہوتا تو نہ تجھ کو خلق کرتا نہ دُنیا پیدا کرتا۔ وُہی ہے (نجات کی) خوشخبری دینے والا اور (عذاب سے) ڈرانے والا۔ وُہی نور بخشنے والا چراغ، وہی شفاعت کرنے والا اور وہی میرا دوست ہے۔ یہ سُنکر قلم آنحضرتؐ کے نام کی حلاوت سے (وجد میں آکر) بولا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔ آنحضرتؐ نے جواب میں فرمایا وَعَلَيْكَ السَّلَامُ مِنِّیْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اُسی روز سے سلام کرنا سُنّت اور جواب سلام دینا واجب قرار پایا۔ پھر خُداوندِ عالم نے قلم کو حکم دیا کہ لکھ میرے قضا و قدر کو جن کو قیامت تک پیدا کرتا رہوں گا۔ اس کے بعد خدا نے کچھ فرشتوں کو پیدا کیا تاکہ وُہ روزِ قیامت تک محمدؐ و آلِ محمدؐ پر صلوات بھیجیں اور اُن کے شیعوں کے لئے استغفار کیا کریں۔ پھر خدا نے نورِ محمد صلعم سے بہشت کو پیدا کیا اور اس کو چار صفتوں تعظیم، جلالت، سخاوت اور امانت سے

آبِ رحمت و آبِ خوشنودی و آبِ عفو سے خمیر کیا۔ تو خدا نے آنحضرتؐ کے سینہ کو شفقت سے ہاتھوں کو سخاوت سے، دل کو صبر و یقین سے شرمگاہ کو عفت سے، پیروں کو شرف سے اور آپ کے نفسوں کو خوشبو سے پیدا کیا۔ پھر اُس طینت کو آدمؑ کی طینت کے ساتھ مخلوط کیا۔ جب آدمؑ کا قالب تیار ہو گیا تو فرشتوں کو وحی کی کہ میں مٹی سے ایک بشر پیدا کروں گا۔ جب اُس میں رُوح پھُونک دُوں تو تم سب اُس کے سامنے سجدہ کرنا۔ فرشتوں نے جسمِ آدمؑ کو بہشت میں لے جا کر رکھا۔ اور حکمِ خالق کے منتظر رہے کہ حکم ملے گا تو سجدہ کریں گے۔ اس کے بعد رُوحِ آدمؑ کو حکم دیا کہ ان کے بدن میں داخل ہو۔ رُوح نے جسم کو تنگ دیکھ کر داخل ہونے سے کراہت کی تو خدا نے حکم فرمایا کہ کراہت کے ساتھ داخل ہو اور کراہت کے ساتھ ہی جسم سے نکلنا۔ غرض رُوح داخل ہوئی اور آنکھوں تک پہنچی۔ آدمؑ اپنے جسم کو دیکھ رہے تھے اور فرشتوں کی تسبیح سُنتے تھے۔ جب وُہ اُن کے دماغ تک پہنچی، تو اُن کو چھینک آئی۔ خدا نے ان کو گویا فرمایا تو انہوں نے "الحمدللہ" کہا۔ اور وُہ پہلا کلمہ تھا جو آدمؑ کی زبان سے ادا ہوا۔ خدا نے بذریعہ وحی فرمایا "رحمک اللہ" اے آدمؑ میں نے تم کو رحمت کے لئے پیدا کیا ہے اور اپنی رحمت کو تمہارے اور تمہاری اولاد کے لئے مقرر کیا ہے جبکہ وہ بھی تمہاری طرح کہیں۔ اسی سبب سے چھینکنے والے کے لئے دُعا کرنا سُنّت قرار پایا۔ اور شیطان پر کوئی امر چھینکنے والے کے واسطے دُعا کرنے سے زیادہ گراں نہیں۔ پھر آدمؑ نے اُوپر کی جانب دیکھا کہ عرش پر لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ لکھا ہوا ہے اور اسمائے اہلبیتؑ بھی لکھے ہوتے پائے۔ پھر رُوح ان کی پنڈلیوں تک پہنچی۔ اور قبل اس کے کہ پنجوں تک پہنچے انہوں نے چاہا کہ کھڑے ہو جائیں لیکن نہ ہو سکے۔ اسی سبب سے خداؑ نے فرمایا ہے خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ (پ۱۷، سورۃ انبیا آیت ۳۷) یعنی انسان جلدی کرنے والا پیدا کیا گیا ہے۔

حضرت صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ رُوح سوؔ سال تک آدم کے سر میں رہی۔ سو سال تک آدمؑ کے سینہ میں۔ سو سال تک پشت میں۔ سو سال تک رانوں میں۔ سو سال تک پنڈلیوں میں اور سو سال تک پنجوں میں ٹھہری۔ پھر جب آدمؑ درست ہو کر کھڑے ہو گئے تو خدا نے ان کے سجدہ کا فرشتوں کو حکم دیا۔ وُہ جمعہ بعد ظہر کا وقت تھا۔ فرشتے عصر تک سجدہ میں مشغول رہے۔ پھر آدمؑ نے اپنی پُشت کی جانب سے ایک آواز خدا کی تسبیح و تقدیس کی سُنی جو طائروں کی آواز کے مانند تھی تو پُوچھا پالنے والے یہ کیسی آواز ہے فرمایا کہ اے آدمؑ یہ محمد عربی (صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم) کی تسبیح کی آواز ہے جو بہترین اوّلین و آخرین ہیں۔ سعادت اُس کے لئے جو اُس کی اطاعت و پیروی کرے اور بدبختی اُس کی ہے جو ان کی مخالفت کرے۔ لہٰذا اے آدمؑ یہ میرا عہد لو اور اس کو عفیفہ عورتوں کی پاک و طاہر رحموں اور پاک مردوں کے پاکیزہ صلبوں کے سوا کسی اور جگہ مت سپرد کرنا۔ آدم نے عرض کی پالنے والے اس مولود کے سبب سے میری عزت میرا حُسن و وقار تو نے بڑھا دیا۔ پھر خدا نے آدمؑ کی طینت کے ایک حصّہ سے حوّا کو پیدا کیا اور آدمؑ پر نیند غالب

غسل نہیں دے رہے ہیں کیونکہ وُہ تو طاہر و مطہر ہیں بلکہ نور و صفا کی زیادتی کے لئے غسل دے رہے ہیں۔ پھر بہشت کے عطروں سے حضرتؐ کو معطر کیا اسی اثناء میں مختلف آوازیں حجرہ کے دروازہ پر بلند ہوئیں۔ جبرئیلؑ نے کہا کہ ساتوں آسمانوں کے فرشتے حضرتؐ کو سلام کرنے آئے ہیں۔ اور وُہ حجرہ بقدرتِ خدا وسیع ہو گیا۔ فرشتے فوج فوج اُس میں داخل ہوتے تھے اور کہتے تھے السّلام علیك یا محمّدُ السلام علیك یا محمودُ السّلام علیك یا احمدُ السّلام علیك یا حامدُ۔ ثلث رات گزرنے کے بعد بحکم خدا جناب جبرئیلؑ بہشت سے چار عَلَم لائے۔ سبز عَلَم کوہ قاف پر نصب کیا جس پر سفید حرفوں سے دو سطروں میں لآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ محمّدٌ رسول اللہ[1] لکھا ہوا تھا۔ دُوسرے عَلَم کو کوہِ ابوقبیس پر نصب کیا جس کے دو پھریرے تھے۔ پہلے پر لا الٰہ الا اللہ اور دوسرے پر لَا دِیْنَ اِلَّا دِیْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللہِ[2] تحریر تھا۔ تیسرا عَلَم بامِ کعبہ پر کھڑا کیا جس پر طُوْبٰی لِمَنْ اٰمَنَ بِاللہِ وَبِمُحَمَّدٍ وَالْوَیْلُ لِمَنْ کَفَرَ بِہٖ وَرَدَّ عَلَیْہِ حَرْفًا مِمَّا اَتٰی بِہٖ مِنْ عِنْدِ رَبِّہٖ[3]۔ چوتھے علم کو بیت المقدس پر نصب کیا۔ جس پر لَا غَالِبَ اِلَّا اللہُ وَالنَّصْرُ لِلّٰہِ وَلِمُحَمَّدٍ[4]۔ اور ایک فرشتے نے ابوقبیس سے آواز دی کہ اے اہلِ قریش خدا اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاؤ اور اس نُور پر جس کو ہم نے بھیجا ہے۔ اور خدا نے ایک ابر کعبہ کے اُوپر بھیجا جس نے مشک و عنبر نثار کیا۔ اور کعبہ سے بُت حجر کی جانب باہر ہو گئے اور مُنہ کے بل گر پڑے۔ پھر جبرئیلؑ ایک قندیل سُرخ لائے اور کعبہ کے دروازہ پر لٹکا دی جس سے بغیر تیل کے روشنی ہو رہی تھی۔ اور حضرتؐ کی پیشانی مبارک سے ایک بجلی ظاہر ہوئی جو ہوا میں بلند ہو کر آسمان تک پہنچی اور اہلِ ایمان کے ہر گھر میں اس کی روشنی نمایاں ہو گئی۔ اُسی رات ہر توریت و انجیل و زبور میں جہاں جہاں دنیا میں وُہ تھیں حضرتؐ کے نام کے نیچے جہاں ان کتابوں میں تحریر تھا خون کا ایک قطرہ ظاہر ہوا کیونکہ حضرتؐ صاحبِ شمشیر پیغمبر تھے۔ اور اُسی رات ہر دیر و صومعہ کی محرابوں میں لکھا ہوا ملا کہ آگاہ ہو کہ پیغمبر اُمّی پیدا ہوا۔ اس کے بعد آمنہ نے دروازہ کھولا اور باہر آئیں، اور جو عجیب باتیں مشاہدہ کی تھیں ماں باپ سے بیان کیں۔ جب عبدالمطلب کو خوشخبری دی۔ آپ آنحضرتؐ کے پاس آئے دیکھا کہ آپ بزبان فصیح تقدیس و تسبیح الٰہی کر رہے تھے۔ پھر خدا نے ایک سفید ریشمی خیمہ بھیجا جس پر لکھا تھا بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰٓاَیُّہَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ۙ وَّدَاعِیًا اِلَی اللہِ بِاِذْنِہٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا۔ (آیت ۴۵، ۴۶ پ ۲۲ سورۃ احزاب) (اے رسولؐ ہم نے تم کو گواہ اور (بہشت کی) خوشخبری دینے والا اور (عذاب سے) ڈرانے والا اور خدا کی طرف اسی کے حکم سے بلانے والا اور ایمان و ہدایت کا روشن چراغ بنا کر بھیجا) وہ خیمہ چالیس روز

---

[1] نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اور محمدؐ اس کے رسولؐ ہیں۔ ۱۲
[2] کوئی سچا دین نہیں سوائے محمدؐ کے دین کے۔ ۱۲
[3] طوبیٰ (جنت) اُس کے لیئے ہے جو اللہ اور محمدؐ پر ایمان لایا اور (دوزخ کا) غار اُس کے لئے ہے جس نے اس کے پیغام کو رد کر دیا جو وُہ اپنے پروردگار کی طرف سے لائے۔ ۱۲
[4] کوئی غالب نہیں سوائے اللہ کے اور فتح و نصرت اللہ اور محمدؐ کے لئے ہے۔ ۱۲

تو ایک رات حلیمہؓ کے لڑکے محزون و مغموم چراگاہ سے واپس آئے اور کہا اماں آج ایک بھیڑیا دو گوسفند پکڑ لے گیا۔ حلیمہؓ نے کہا خدا ان کے بدلے اور دے گا۔ آنحضرتؐ نے جو سُنا تو فرمایا آپ لوگ آزردہ نہ ہوں کل آپ کی دونوں گوسفندیں بھیڑیئے سے بفضل خدا واپس لے لوں گا۔ ضمرہ نے کہا جو حلیمہؓ کے سب سے بڑے فرزند تھے کہ عجیب ہے تمہاری بات اے بھائی گزشتہ روز تو بھیڑیا گوسفندوں کو لے گیا اور آپ کل اُس سے واپس لے لیں گے۔ حضرتؐ نے فرمایا خدا کی قدرت سے سب کچھ سہل ہے جب صبح ہوئی تو ضمرہ نے آنحضرتؐ کو اپنے کاندھے پر سوار کیا اور جنگل میں اس مقام پر لے گئے جہاں سے بھیڑیا لے گیا تھا اور حضرتؐ کو بتایا۔ آنحضرتؐ کاندھے سے اُترے اور سجدہ میں گئے اور کہا میرے سردار میرے مالک اور مولا مجھ پر حلیمہؓ کا جو حق ہے تُو جانتا ہے۔ ایک بھیڑیئے نے اُس کی بھیڑوں پر زیادتی کی ہے۔ تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اُس بھیڑیئے کو حکم دے کہ اس کی گوسفندوں کو واپس لائے۔ اُسی وقت بھیڑیا دونوں گوسفندوں کو واپس لایا۔ ہُوا یہ کہ جب بھیڑیا گوسفندوں کو لے کے چلا تو ایک ہاتف نے اس کو آواز دی کہ اے بھیڑیئے عذابِ الٰہی سے خوف کر، اور ان دونوں بھیڑوں کی حفاظت کر۔ تاکہ بہترین پیغمبراں محمدؐ بن عبداللہ کو واپس دینا۔ پھر وُہ بھیڑیا آنحضرتؐ کے قدموں پر گرا اور بحکمِ خدا گویا ہُوا کہ اے پیغمبروں کے سردارؐ معاف فرمایئے۔ مجھے معلوم نہ تھا کہ یہ گوسفندیں آپ کی ہیں۔ اس وقت ضمرہ نے کہا اے محمدؐ کس قدر عجیب باتیں آپ کی ہیں۔ جب دو سال کے حضرتؐ پُورے ہو گئے تو ایک روز آپ نے حلیمہؓ سے کہا اے مادرِ مہربان میں بھی اپنے بھائیوں کے ساتھ جنگل جاؤں گا اور گوسفند چرانے میں ان کی مدد کروں گا، اور کوہ و صحرا میں خدا کی صناعیوں کو دیکھوں گا اور عبرت حاصل کروں گا اور چیزوں کے نفع و نقصان کو سمجھوں گا۔ حلیمہؓ نے کہا اے فرزند تم کو بہت شوق ہے؟ فرمایا ہاں جناب حلیمہؓ نے دیکھا کہ حضرتؐ جنگل کی طرف جانے پر بہت مائل ہیں تو آنحضرتؐ کو اچھے کپڑے پہناتے نعلین پیروں میں پہنائیں اور اچھے اور عمدہ کھانے ہمراہ کیے اور اپنے لڑکوں کو آنحضرتؐ کی حفاظت و رعایت کی تاکید کرکے روانہ کیا۔ جب آنحضرتؐ نے قدم مبارک صحرا میں رکھے پہاڑ و میدان آپ کے نورِ جمال سے روشن و منور ہو گئے جس پتھر اور ڈھیلے کی طرف حضرتؐ کا گزر ہوتا با آوازِ بلند وُہ ندا دیتا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَحْمَدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَامِدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَحْمُوْدُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الْقَوْلِ الْحَقِّ الْعَدْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ خوشحال ہو وُہ جو آپؐ پر ایمان لائے، اور عذابِ الٰہی اُس کے لیے ہے جو آپؐ کا منکر ہو یا آپؐ کے کسی حرف کی تردید کرے جو آپ خدا کی طرف سے بیان فرمائیں۔ آنحضرتؐ ان کے سلام کا جواب دیتے اور آگے گزر جاتے۔ حلیمہؓ کے لڑکے ہر لحظہ آنحضرتؐ سے عجائب و غرائب مشاہدہ کرتے کہ ان کی حیرت زیادہ سے زیادہ بڑھتی جاتی تھی یہاں تک کہ آفتاب بلند ہُوا اور حضرتؐ کو دھوپ سے اذیت ہوئی تو خدا نے ایک فرشتے کو مؤکل کیا جس کا نام اسحیائیل تھا کہ ایک ابر سفید کو آنحضرتؐ کے سر پر پھیلائے جس سے سایہ ہو۔ اُسی وقت ایک ابر حضرتؐ کے سر پر نمایاں ہُوا اور مشک کے مانند اسمیں سے پانی گرنا شروع

71/106

اور آپ کی بیحد مدح و ثنا کی اور کہا کیا کہنا اُس کا جو آپؐ پر ایمان لاتے اور افسوس ہے اُس پر جو آپؐ کا انکار کرے یا آپؐ کے اُن اقوال میں سے ایک حرف کی بھی تکذیب کرے جو آپؐ خدا کی جانب سے بیان فرمائیں۔ آنحضرتؐ نے ان کے سلاموں کا جواب دیا اور پُوچھا تم لوگ کون ہو؟ اُنہوں نے کہا ہم خدا کے بندے ہیں اور آنحضرتؐ کے گرد بیٹھ گئے۔ حضرتؐ نے جبرئیلؑ سے پُوچھا تمہارا نام کیا ہے کہا عبداللہ۔ میکائیلؑ سے اُن کا نام پُوچھا تو عبیداللہ، اسرافیلؑ نے اپنا نام عبدالجبار اور دردائیلؑ نے اپنا نام عبدالرحمٰن بتایا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا ہم سب بندگانِ خدا ہیں۔ جبرئیلؑ کے ساتھ یاقوتِ سُرخ کا ایک طشت تھا، میکائیلؑ کے پاس یاقوت سبز کی ایک صراحی تھی جس میں بہشت کا پانی بھرا ہوا تھا۔ پھر جبرئیلؑ آگے بڑھے اور اپنا مُنہ آنحضرتؐ کے مُنہ سے مِلا کر تین گھڑی تک اسرارِ الٰہی اُن کے دہن اقدس میں پھونکتے رہے۔ پھر کہا اے محمدؐ جو کچھ میں نے بیان کیا سب سمجھو اور سیکھ لو۔ فرمایا ہاں انشاء اللہ تعالےٰ اور آنحضرتؐ کو علم و بیان اور حکمت و بُرہان سے بھر دیا۔ خداوندِ عالم نے آپ کے نورِ اقدس کو تہتر گُنا زیادہ کر دیا یہاں تک کہ کسی میں طاقت نہ تھی کہ آنحضرتؐ کے چہرہ اقدس کی طرف پُورے طور سے نظر کر سکے۔ پھر جبرئیلؑ نے کہا اے محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مجھ سے خوف مت کرو۔ آنحضرتؐ نے فرمایا اگر اپنے پروردگار کے علاوہ کسی اور سے ڈروں تو گویا اپنے خالق کی عظمت و جلال کو میں نے سمجھا ہی نہیں اسوقت جبرئیلؑ نے میکائیلؑ کو دیکھا اور کہا سزاوار ہے کہ خدا نے ایسے بندے کو اپنا حبیب بنایا اور اس کو بہترین انسان قرار دیا ہے۔ پھر آنحضرتؐ کو چت لٹایا۔ حضرتؐ نے پُوچھا اے جبرئیلؑ کیا کرنا چاہتے ہو عرض کی آپؐ کے لیئے کوئی امر تکلیف دِہ نہیں عمل میں لا سکتا وہی کروں گا جو بہتر ہوگا۔ پھر اپنے پروں سے آپؐ کے شکم مبارک کو چاک کیا اور قلبِ اقدس میں سے ایک سیاہ نقطہ نکالا اور دِل کو بہشت کے پانی سے دھویا، میکائیلؑ پانی ڈال رہے تھے۔ منقول ہے کہ ایک روز لوگوں نے آنحضرتؐ سے پُوچھا کہ جبرئیلؑ نے آپؐ کے دل کی کس چیز کو دھویا فرمایا شک و شبہ اور فتنوں کو پاک کیا، لیکن میرے دِل میں کبھی نہ تھا اور میں تو پیغمبر اس وقت تھا جبکہ آدمؑ کی رُوح اُن کے بدن میں داخل نہیں ہوئی تھی۔ پھر اسرافیلؑ نے ایک مُہر نکالی جس پر دو سطروں میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ لکھا ہوا تھا اور آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان نقش کیا۔ دوسری روایت کے مطابق دِل پر وُہ مُہر لگائی۔ جس سے دِل نُور سے بھر گیا اور اس نُور سے دُنیا روشن ہوگئی۔ پھر دردائیلؑ نے آنحضرتؐ کے سرِ انور کو اپنی آغوش میں لے لیا اور حضرتؐ سو گئے۔ آپ نے خواب میں دیکھا کہ آپ کے سر سے ایک درختِ عظیم روئیدہ ہوا اور آسمان کی جانب بلند ہوا۔ اس کی شاخیں موٹی ہوئیں پھر ہر شاخ سے اور شاخیں پیدا ہوئیں اور درخت کے نیچے بہت سی گھاس دیکھی جس کی تعریف نہیں ہو سکتی۔ پھر ایک منادی نے ندا دی کہ اے محمدؐ وُہ درخت آپؐ ہیں، اس کی شاخیں آپ کے اہلبیتؑ ہیں اور وُہ گھاس جو زیرِ درخت اُگی ہوتی ہے وُہ آپؐ کے اور آپؐ کے اہلبیتؑ کے محب و دوست ہیں۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آپؐ کو عظیم پیغمبری اور ریاست بزرگ کی خوشخبری ہو۔ پھر دردائیلؑ نے

خدا کے لیئے سزاوار ہے جس نے آج میری برکت سے ایک بندہ کو آتش جہنم سے بچا لیا۔

قطب راوندی نے جناب امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آنحضرتؐ نے ایک سفر میں اپنے اصحاب سے فرمایا کہ ایک شخص ان درّوں سے ظاہر ہوگا کہ تین روز سے اُس کے پاس شیطان نہیں گیا ہے اور اُس پر قابو نہیں پاسکا۔ اسی اثناء میں ایک شخص نمودار ہوا جس کا جسم نہایت لاغر تھا کہ اس کی ہڈیوں سے چمڑا لپٹا ہوا تھا اور اُس کی آنکھیں اندر گھس گئی تھیں اُس کے ہونٹ زیادہ گھاس کھانے سے سبز ہو رہے تھے۔ جب وُہ حضرتؐ کے لشکر کے قریب پہنچا حضرتؐ کو دریافت کیا اور آخر خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور کہا مجھے اسلام کی تعلیم دیجیئے۔ حضرتؐ نے فرمایا کہو اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اُس نے کلمہ پڑھا اور اقرار کیا۔ پھر حضرتؐ نے فرمایا کہ تجھ کو چاہیئے کہ نماز پنجگانہ ادا کرتا رہے۔ ماہِ رمضان المبارک کے روزے رکھے۔ اُس نے کہا میں نے اقرار کیا۔ پھر فرمایا کیا خانہ کعبہ کا حج کرتا ہے زکوٰۃ دیتا ہے اور غسل جنابت بھی کرتا ہے اُس نے ان سب کا اقرار کیا۔ پھر وہاں سے حضرتؐ آگے روانہ ہوئے۔ تھوڑی دُور چلے ہوں گے کہ اُس اعرابی کا اونٹ پیچھے رہ گیا۔ حضرتؐ ٹھہر گئے اور اُس کا حال دریافت کیا۔ لوگ واپس پیچھے چلے کہ اُس کو دیکھیں۔ جب لشکر کے آخر تک پہنچے دیکھا کہ اعرابی کے اُونٹ کا پیر ایک سُوراخ میں پھنس گیا ہے اور اونٹ گرا پڑا ہے اس کی اور اعرابی دونوں کی گردنیں شکستہ ہو گئی ہیں اور اعرابی رحمت الٰہی سے واصل ہو چکا ہے اور اُونٹ بھی ہلاک ہو گیا ہے۔ لوگوں نے جا کر حضرتؐ سے اُس کا حال بیان کیا۔ آپ نے فرمایا ایک خیمہ برپا کرو اور اُس میں اُس اعرابی کو غسل دو۔ جب اس کو غسل دیا جا چکا تو حضرتؐ نے خیمہ میں جا کر اُس کو کفن پہنایا لوگوں نے حضرتؐ کی حرکت کی آواز سُنی اور جب حضرتؐ خیمہ سے باہر آئے تو آپ کی جبین مبارک سے پسینہ کے قطرے ٹپک رہے تھے۔ حضرتؐ نے فرمایا کہ یہ اعرابی بھُوک کے سبب سے مر گیا اور یہ اُن لوگوں میں سے ہے جو ایمان لائے اور کبھی اپنے ایمان کو ظلم اور گناہ سے آلودہ نہیں کیا۔ لہٰذا اس کے دہن میں بہشت کی خوشبو ڈالنے میں حوریں ایک دُوسرے پر سبقت کر رہی تھیں اور کہتی تھیں یا رسُولؐ اللہ مجھ کو بہشت میں اس اعرابی کی زوجیت میں قرار دیجیئے۔

ابنِ شہر آشوب نے روایت کی ہے کہ رسُولؐ اللہ کے کسی غزوہ میں بلالؓ نے جمانہ دختر رحاف اشجعی کو اسیر کیا۔ جب وُہ وادی النعام میں پہنچے تو وُہ عورت اُن پر غالب ہوئی اور تلوار سے چند ضربتیں لگائیں اور اس کو اپنی چاندی سونے کی چیزوں میں سے جو جو پسند تھیں لے کر اپنے باپ کے گھوڑے پر سوار ہو کر بھاگ گئی اور شہاب بن مازن سے جا کر مل گئی جس کا لقب کوکب دری تھا۔ اس سے پہلے شہاب نے اُس کی خواستگاری کی تھی لیکن جمانہ کے باپ نے انکار کر دیا تھا۔ ادھر جب بلالؓ کے آنے میں دیر ہوئی تو جناب رسُولِ خدا نے حضرت سلمانؓ اور صہیب کو ان کی خبر لانے کے لیئے واپس بھیجا۔ جب وُہ پہنچے تو دیکھا کہ بلالؓ زمین پر مُردہ پڑے ہیں اور خون اُن کے جسم سے جاری ہے۔ انہوں نے واپس آکر حضرتؐ سے بیان کیا اور رونے لگے حضرتؐ نے فرمایا رونا چھوڑو اور بلالؓ کو اُٹھا لاؤ۔ غرض بلالؓ لائے گئے۔ حضرتؐ نے دو رکعت نماز ادا کی اور کچھ دعائیں کیں۔ پھر ایک مٹھی خاک لے کر بلالؓ پر چھڑک دی وُہ اُسی وقت زندہ ہو گئے اور حضرتؐ کے قدموں پر گر پڑے

حلیة المتقین

اثر : علامه محمد باقر مجلسی (ره)

فهرست مطالب:

- مقدمه (صفحه ۷)
- باب اول : در بیان آداب جامه و کفش پوشیدن (صفحه ۸)
- باب دوم : در آداب حلی و زیور پوشیدن مردان و زنان و سرمه کشیدن و در آینه نظرکردن و خضاب کردن (صفحه ۱۵)
- باب سوم : در آداب خوردن و آشامیدن (صفحه ۲۴)
- باب چهارم : در بیان فضیلت تزویج و آداب مجامعت و معاشرت زنان و کیفیت تربیت فرزندان و معاشرت ایشان (صفحه ۴۶)
- باب پنجم : در بیان آداب مسواک کردن و شانه کردن و ناخن و شارب گرفتن و سر تراشیدن و امثال آن (صفحه ۶۴)
- باب ششم : در آداب بوی خوش کردن و گل بوئیدن و روغن مالیدن (صفحه ۷۱)
- باب هفتم : در آداب حمام رفتن و سر و بدن شستن و دارو کشیدن و آداب بعضی از اغسال (صفحه ۷۶)
- باب هشتم : در آداب خواب رفتن و بیدار شدن و بیت الخلاء رفتن (صفحه ۸۳)
- باب نهم : در آداب حجامت کردن و تنقیه و بعضی از ادویه و معالجه بعضی از امراض و ذکر بعضی از ادعیه و احراز (صفحه ۹۵)
- باب دهم : در آداب معاشرت با مردم و حقوق اصناف ایشان (صفحه ۱۲۱)
- باب یازدهم : در آداب مجالس از سلام و مصافحه و معانقه و بوسیدن و آداب عطسه کردن و آداب نشستن و برخاستن و صحبت داشتن و امثال اینها (صفحه ۱۴۶)
- باب دوازدهم : در آداب خانه داخل شدن و بیرون رفتن (صفحه ۱۵۹)
- باب سیزدهم : در آداب پیاده رفتن و سوار شدن و بازار رفتن و تجارت و زراعت نمودن و چهارپایان نگاهداشتن (صفحه ۱۷۰)
- باب چهاردهم : در آداب سفر (صفحه ۱۸۳)
- خاتمه : در بیان بعضی از آداب متفرقه و فواید نافعه (صفحه ۱۹۶)

بر سر گذاری این دعا بخوان بِسْمِ اللهِ اللّهُمَّ ارْفَعْ ذِكْرِی وَ اَعْلِ شَاْنِی وَ اَعِزَّنِی بِعِزَّتِكَ وَ اَكْرِمْنِی بِكَرَمِكَ بَیْنَ یَدَیكَ وَبَیْنَ خَلْقِكَ اللّهُمَّ تَوِّجْنِی بِتاجِ الْكَرَامَةِ وَ الْعِزِّ وَالْقَبُولِ.
در مکارم الاخلاق از کتاب نجات نقل کرده است که این دعا را بخوان اللّهُمَّ سَوِّمْنِی بِسِیماءِ الْاِیمانِ وَ تَوِّجْنِی بِتاجِ الْكَرامَةِ وَ قَلِّدْنِی حَبْلَ الْاِسْلامِ وَلا تَخْلَعْ رِبْقَةَ الْاِیمانِ مِنْ عُنُقِی وگفته است که باید عمامه را ایستاده بپیچد.
حضرت رسول صلی الله علیه وآله وسلم چند قسم کلاه داشتند که بر سر میگذاشتند. و کلاههای دراز که برطله میگویند وارد شده است که پوشیدن آنها زی یهودان است . علما گفته اند که مکروه است .
از بعضی احادیث ظاهر میشود که پائین کلاه را شکستن و برگردانیدن مکروه است .
از حضرت رسول صلی الله علیه وآله وسلم منقول است که هرگاه کلاههای ترک دار در میان امت بسیار شود زنا کردن در میان ایشان شایع شود وکلاه ترک دار ظاهرا مانند قاووق و کلاه بکتاشی وامثال آن باشد.

فصل هشتم : در بیان آداب زیرجامه پوشیدن

از حضرت ابی عبدالله علیه السلام منقول است که حقتعالی وحی فرمود بحضرت ابراهیم که زمین بمن شکایت می کند از دیدن عورت تو، پس میان عورت خود و زمین حجابی قرارده، پس زیرجامه تا زانو به عمل آورد و پوشید.
از جامع بزنطی روایت شده است که هرکه زیرجامه را ایستاده بپوشد تا سه روز حاجتش برآورده نشود.
در فقه رضوی مذکور است که زیر جامه را نشسته بپوش و ایستاده مپوش که مورث هلاک وز رداب و عم والم میشود و در وقت پوشیدن این دعا را بخوان بِسْمِ اللهِ اللّهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِی وَلاتَهْتِكْنِی فِی عَرَصاتِ الْقِیامَةِ وَاعْفُ فَرْجِی وَلا تَخْلَعْ عَنِّی زِینَةَ الْاِیمانِ.
و در مکارم الاخلاق از کتاب نجات نقل کرده است که این دعا بخوان اللّهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَتِی وَ آمِنْ رَوْعَتِی وَ اَعْفُ فَرْجِی وَلا تَجْعَلْ لِلشَّیْطانِ فِی ذلِكَ نَصِیبا وَلا لَهُ اِلی ذلِكَ وُصُولاً فَیَصْنَعُ لِیَ الْمَكایِدَ وَیُهَیِّجُنِی لِارْتِكابِ الْمَحارِمِ .
از حضرت امیرالمؤمنین علیه السلام منقول است که پیغمبران علیهم السلام پیراهن را پیش از زیر جامه میپوشیدند.
در روایت دیگر وارد شده است که ایستاده و رو به قبله و رو به آدم مپوش .
از حضرت امیرالمؤمنین علیه السلام منقول است که زیر جامه را ایستاده پوشیدن مورث اندوه است .

فصل نهم : در آداب جامه نو بریدن و پوشیدن

بسند صحیح از حضرت امام محمد باقر علیه السلام منقول است که چون کسی جامه نو بپوشد این دعا بخواند: اللّهُمَّ اجْعَلْهُ ثَوْبَ یُمْنٍ وَتُقی وَبَرَكَةٍ اللّهُمَّ ارْزُقْنِی فِیهِ حُسْنَ عِبادَتِكَ وَ عَمَلاً بِطاعَتِكَ وَاَداءَ شُكْرِ نِعْمَتِكَ الْحَمْدُلِلّهِ الَّذِی كَسانِی ما اُوارِی بِهِ عَوْرَتِی وَاَتَجَمَّلُ بِهِ فِی النّاسِ وبسند معتبر از حضرت امیرالمؤمنین علیه السلام منقول است که حضرت رسول صلی الله علیه وآله وسلم این دعا را تعلیم می نمود که در وقت پوشیدن جامه نو بخوانم : الْحَمْدُلِلّهِ الَّذِی كَسانِی مِنَ اللِّباسِ ما اَتَجَمَّلُ بِهِ فِی النّاسِ اللّهُمَّ اجْعَلْها ثِیابَ بَرَكَةٍ اَسْعی فِیها لِمَرْضاتِكَ وَ اَعْمُرُ فِیهِ مَساجِدَكَ پس فرمود یا علی هرکه این دعا بخواند چون جامه را بپوشد آمرزیده شود.
درحدیث دیگر از حضرت موسی بن جعفر منقول است که سزاوار است کسی که جامه نو بپوشد دست بر آن بمالد و بگوید: الْحَمْدُلِلّهِ الَّذِی كَسانِی ما اُوارِی بِهِ عَوْرَتِی وَاَتَجَمَّلُ بِهِ فِی النّاسِ وَ اَتَزَیَّنُ بِهِ بَیْنَهُمْ.
از حضرت ابی عبدالله علیه السلام منقول است که هرکه آبی در ظرف نوی بکند و سی و دو مرتبه سوره انا انزلناه فی لیلة القدر بر آن بخواند و بر جامه نو بپاشد در هنگام پوشیدن پیوسته در فراخی روزی باشد تا تاری از آن جامه باقی باشد.
در حدیث دیگر از آن حضرت مرویست که چون جامه نو بپوشی بگو لا اله الا الله مُحَمَّدٌرَسُولُ اللهِ تا از آفتها نجات یابی و چیزی را که دوست داری بسیار آنرا یاد مکن که آنرا درهم میشکند و چون بکسی کاری داشته باشی در غایبه آنه او را دشنام مده که در دل وا اثر میکند.
بسند معتبر منقول است که حضرت علی بن موسی الرضا علیه السلام چون جامه میپوشیدند جامه ها را در جانب راست میگذاشتند و چون رخت نو می پوشیدند قدح آبی میطلبیدند و سوره قل هوالله احد و آیة الکرسی و سوره قل یا ایهالکافرون هر یک را ده نوبت در آن ظرف می خواندند و آن آب را بر جامه میپاشیدند و میفرمودند هرکه چنین کند پیوسته در فراخی روزی باشد مادامکه تاری از آن جامه باقی است .
بسند معتبر از حضرت امیرالمؤمنین علیه السلام منقول است که چون خدای تعالی جامه نو به کسی عطا فرماید و بپوشد باید که وضو بسازد و دو رکعت نماز بگذارد و در هر رکعت سوره حمد و آیة الکرسی و قل

أمالي الصدوق

الشيخ الجليل الأقدم

الصدوق

أبي جعفر محمد بن علي بن الحسين بن بابويه القمي

المتوفى سنة ٣٨١

قدم له :

الشيخ حسين الأعلمي

منشورات
مؤسسة الأعلمي للمطبوعات
بيروت - لبنان

ظله، ويكسون حللاً خضراء من حلل الجنة. ألا وإني أخبرك - يا علي - أن أمتي أول الامم يحاسبون يوم القيامة، ثم أبشرك - يا علي - أن أول من يدعى يوم القيامة يدعى بك، هذا لقرابتك مني ومنزلتك عندي، فيدفع إليك لوائي، وهو لواء الحمد، فتسير به بين السماطين، وإن آدم وجميع من خلق الله يستظلون بظل لوائي يوم القيامة، وطوله مسيرة ألف سنة، سنانه ياقوتة حمراء، قصبه[1] فضة بيضاء، زجه درة خضراء، له ثلاث ذوائب من نور، ذؤابة في المشرق، وذؤابة في المغرب، وذؤابة في وسط الدنيا مكتوب عليها ثلاثة أسطر، الأول: بسم الله الرحمن الرحيم، والآخر: الحمد لله رب العالمين، والثالث: لا إله إلا الله، محمد رسول الله. طول كل سطر مسيرة ألف سنة، وعرضه مسيرة ألف سنة. فتسير باللواء والحسن عن يمينك، والحسين عن يسارك، حتى تقف بيني وبين إبراهيم في ظل العرش، فتكسى حلة خضراء من حلل الجنة، ثم ينادي مناد من عند العرش: نعم الأب أبوك إبراهيم، ونعم الأخ أخوك علي، ألا وإني أبشرك - يا علي - أنك تدعى إذا دعيت، وتكسى إذا كسيت، وتحيا إذا حييت. وصلى الله على محمد وآله الطاهرين.

المجلس الثالث والخمسون

وهو يوم الجمعة السادس والعشرين من شهر ربيع الأول سنة ثمان وستين وثلاثمائة

١ - حدثنا الشيخ الجليل أبو جعفر محمد بن علي بن الحسين بن موسى بن بابويه القمي ﷺ، قال: حدثنا محمد بن بكران النقاش بالكوفة، قال: حدثنا أحمد ابن محمد الهمداني، قال: حدثنا علي بن الحسن بن علي بن فضال، عن أبيه، عن أبي الحسن علي بن موسى الرضا ﷺ، قال: إن أول ما خلق الله عز وجل ليعرف به خلقه الكتابة حروف المعجم، وإن الرجل إذا ضرب على رأسه بعصا، فزعم أنه لا يفصح ببعض الكلام، فالحكم فيه أن تعرض عليه حروف المعجم، ثم يعطى الدية بقدر ما لم يفصح منها. ولقد حدثني أبي، عن أبيه، عن جده، عن أمير المؤمنين ﷺ، في ألف ب ت ث، أنه قال: الألف آلاء الله، والباء بهجة الله، والتاء تمام الأمر بقائم آل محمد ﷺ، والثاء ثواب المؤمنين على أعمالهم الصالحة، ج ح

---

(١) في البحار ج ٣٨ص٤٤٥ باب ٦٨ ح١٧ط.الأعلمي: قضيبه فضة بيضاء.

تفسير القمي

لأبي الحسن علي بن إبراهيم القمي رحمه الله

من أعلام القرن الثالث الهجري

الجزء الثالث

مؤسسة
الإمام المهدي

الجبهة، ثمّ عرض عليه صنم آخر، فقال: هذه صفة إسرائيل، وهو يعقوب، ثمّ عرض عليه صنم آخر، فقال: هذه صفة إسماعيل، ثمّ أُخرج إليه صنم آخر، فقال: هذه صفة يوسف بن يعقوب بن إسحاق بن إبراهيم.

ثمّ عرض عليه صنم آخر، فقال: هذه صفة موسى بن عمران، وكان عمره مائتين وأربعين سنة، وكان بينه وبين إبراهيم خمسمائة عام.

ثمّ أُخرج إليه صنم آخر، فقال: هذه صفة داوُد صاحب المحراب.[١]

ثمّ أُخرج إليه صنم آخر، فقال: هذه صفة شعيب، ثمّ زكريّا، ثمّ يحيى.

ثمّ عيسىٰ بن مريم روح الله وكلمته، وكان عمره في الدنيا ثلاثة وثلاثين سنة، ثمّ رفعه الله إلى السماء، ويهبط إلى الأرض بدمشق، وهو الّذي يقتل الدجّال.

ثمّ عرض عليه صنم صنم فيخبر باسم نبيّ نبيّ.

ثمّ عرض عليه الأوصياء والوزراء، فكان يخبر باسم وصيّ وصيّ، ووزير وزير. ثمّ عرض عليه أصنام بصفة الملوك، فقال الحسن عليه السلام: هذه أصنام لم نجد صفتها في التوراة، ولا في الإنجيل، ولا في الزبور، ولا في الفرقان[٢]، فلعلّها من صفة الملوك. فقال الملك: أشهد عليكم يا أهل بيت محمّد، أنّكم قد أُعطيتم علم الأوّلين والآخرين، وعلم التوراة والإنجيل والزبور، وصحف إبراهيم، وألواح موسىٰ عليه السلام، ثمّ عرض عليه صنم بلوح، فلمّا نظر إليه بكىٰ بكاءً شديداً، فقال له الملك: ما يبكيك؟ فقال: هذه صفة جدّي محمّد[٣] صلى الله عليه وآله كثيف[٤] اللّحية، عريض الصدر، طويل العنق، عريض الجبهة، أقنىٰ الأنف أفلج الأسنان حسن الوجه، قطط الشعر، طيّب الريح، حسن الكلام، فصيح اللّسان، كان يأمر بالمعروف وينهىٰ عن المنكر، بلغ عمره ثلاثاً وستّين سنة، ولم يخلّف بعده إلّا خاتماً مكتوباً عليه: «لا إله إلّا الله

(١) «الحرب» خ. (٢) «القرآن» خ. (٣) «رسول الله» البرهان.

(٤) «كثّ» البحار، بمعناها.

محمّد رسول الله صلى الله عليه وآله» وكان يتختّم بيمينه، وخلّف سيفه ذا الفقار، وقضيبه، وجبّة صوف، وكساء صوف كان يتسرول به، لم يقطعه ولم يخِطه حتّى لحق بالله.

مجالس صدوق

(امالی شیخ صدوقؒ)

تالیف

الشیخ الصدوق ابن بابویہ

ابو جعفر محمد بن علی الحسین قمی

متوفی سال 381ھ

ادارہ تعلیم و تربیت لاہور

Presented by www.ziaraat.com

مکمل معلومات فراہم نہیں کر دیئے مجھے جنت الفردوس کے بارے میں بتائیں بلالؓ نے کہا اُسکا چہرہ نور کا ہے میں نے پوچھا غرفہ اُسی میں ہے کہا کہ وہ نور رب العالمین ہے میں نے کہا مزید بیان کریں تو کہا وائے ہو تم پر خدا تم پر رحم کرے رسولؐ خدا نے فرمایا ہے وہ بندہ خوش قسمت ہے کہ بیان کردہ اوصاف میں سے اگر اُس سے کچھ بیان ہوا ہے تو اُن پر اعتقاد رکھے اور ایمان لائے اور باور کرے کہ یہ حقیقت ہے لہٰذا دنیا کے مال و دولت کی رغبت نہ رکھے اور اپنے حساب کی حفاظت کرے میں نے کہا میں اس کا اعتقاد رکھتا ہوں، بلالؓ نے کہا تم سچ کہتے ہو خود کو اِس کے نزدیک کرو اور محکم بناؤ نا امید مت رہو عمل کرو اور تقصیر نہ کرو اور خوف خدا رکھو پھر بلالؓ نے تین مرتبہ آہ وزاری کی اور یوں محسوس ہوا اور کہ بے جان ہو گئے ہیں پھر کچھ دیر بعد مجھ سے فرمایا میرے ماں باپ تجھ پر قربان اگر محمدؐ تمہیں دیکھتے تو اُن کی آنکھیں روشن ہوتیں کہ تم نے اِن اوصاف کے بارے سوال کیے ہیں پھر کہنے لگے نجات۔ نجات۔ جلدی جلدی۔ کوچ کوچ۔ عمل عمل۔ دیکھنا کہیں تقصیر نہ کر بیٹھنا پھر جو کچھ مجھے وداع کرتے وقت فرمایا وہ یہ تھا کہ خدا سے ڈرنا اور جو کچھ میں نے تمہیں بتایا وہ امت محمدؐ تک پہنچا دو۔ میں نے کہا میں آپ کی ہدایت پر عمل کروں گا انشاء اللہ، بلال نے کہا میں تیرے دین اور تیری امانت کو خدا کے حوالے کرتا ہوں خدا اپنی چاہت سے تمہیں توشہ تقویٰ عطا کرے اور تم اس (خدا) کی اطاعت کرتے رہو۔

۲۔ امام صادقؑ نے فرمایا تم جب بھی موذن کو کہتے سنو "اشهدان لا الـه الا اللّـه و اشهدان محمدً رسول اللّٰہ" تو جو کوئی بھی سن کر اقرار کرئے کہ میں نے جان لیا اور قبول کرتا ہوں کہ معبود صرف خدا ہے اُسکے علاوہ کوئی اور نہیں اور محمدؐ خدا کے رسول ہیں اور میرے لیے یہ بات فائدہ مند ہے اور جو کوئی اِس کا بھی اقرار کرے کہ میں اُس کی مدد کرتا ہوں اور دھوکے باز کا انکار کرتا ہوں وہ تمام منکر و حاسدین اور تابعین و مومنین کی تعداد کے برابر ثواب پائے گا۔

۳۔ رسول خداؐ نے فرمایا عرش پر لکھا ہے "انا اللّـه الـه الا انا وحدی لاشریک لی ومحمدً عبدی و رسولی ایدته بعلی" "میں خدا ہوں میرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے میرا کوئی شریک نہیں محمدؐ میرا رسول ہے اور میرا بندہ ہے۔ میں نے اسکی مدد علی کے ذریعے کی۔ جناب رسولؐ

اور حمد صبح کو شگافتہ کرنے والے کی ہے۔

(۱۸) عبداللہ بن فضالہ کہتے ہیں کہ امام صادقؑ نے فرمایا کہ جب تمہارا بچہ تین سال کا ہو جائے تو اُسے سات مرتبہ "لا الہ الا اللہ" سکھاؤ پھر اُسے چھوڑ دو جب وہ تین سال سات ماہ اور بیس دن کا ہو جائے تو اُس کو سات مرتبہ "محمد رسول اللہ" کی تلقین کرو پھر چھوڑ دو یہاں تک کہ وہ پورے پانچ سال کا ہو جائے تو اس سے پوچھا جائے کہ تیرا دائیاں ہاتھ کونسا اور بایاں کونسا ہے جب وہ اِس کی پہچان کرلے تو اُسے قبلہ رخ کر کے سجدہ کروایا جائے اور پھر چھوڑ دیا جائے جب اُس کی عمر چھ سال ہو جائے تو اُسے کہا جائے کہ وہ نماز پڑھے اور اُسے رکوع و سجدہ کرنے کی تربیت کی جائے یہاں تک کہ سات سال کا ہو جائے تو اُس سے کہا جائے کہ وہ اپنا منہ اور ہاتھ دھوئے یہ سکھا کر اُسے چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ نو سال کا ہو جائے تو اُسے وضو کی تعلیم دی جائے اگر وہ بہانہ کرے یا مزاحمت کرے تو اُسے سکھانے کے لیے سختی کی جائے اور مارا جائے اور نماز کا حکم دیا جائے جب وہ وضو اور نماز سیکھ لے گا تو خدا اُسکے ماں باپ کے تمام گناہ معاف فرما دے گا انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆☆☆☆☆

انگوٹھیوں کے نقوش

(۵) حسین ابن خالد نے جناب امام رضاؑ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا کہ آیا یہ جائز ہے کہ کوئی شخص اپنے ہاتھ میں ایسی انگوٹھی پہنے ہو جس پر "لا الہ الا اللہ" نقش ہو اور وہ استنجا کرے امامؑ نے فرمایا میں یہ امر کسی کے لیے بہتر نہیں سمجھتا۔ اس پر حسین بن خالد نے کہا کہ آیا آپؑ کے آباؤ اجداد اور جناب رسول خداؐ انگوٹھی پہنے ہوئے استنجا نہیں کرتے تھے۔

امامؑ نے فرمایا ہاں کرتے تھے مگر اُن کے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی ہوا کرتی تھی تم خدا سے ڈرو اور ان پر بہتان مت باندھو۔ پھر فرمایا حضرت آدمؑ کی انگوٹھی کے نگینے پر "لا الہ الا اللہ محمدؐ رسول اللہ" نقش تھا اور یہ انگوٹھی وہ بہشت سے اپنے ہمراہ لائے تھے۔

حضرت نوحؑ جب کشتی میں سوار ہوئے تو خدا تعالیٰ نے وحی کی کہ اے نوحؑ اگر غرق ہونے کا خوف لاحق ہو تو ہزار بار "لا الہ الا اللہ" پڑھ کر دعا کرنا میں تجھے اور تیرے ایماندار ساتھیوں کو ڈوبنے سے بچا لوں گا۔ کشتی چلتی جاتی تھی کہ ایک روز تیز ہوا چلی اور حضرت نوحؑ کو غرق ہونے کا خوف لاحق ہوا اور یہ موقع بھی دستیاب نہ تھا کہ ہزار بار "لا الہ الا اللہ" کہتے لہٰذا انہوں نے سریانی زبان میں "ہیلویا الفا الفایا باریا اتقن" کہا تو طوفان جاتا رہا اور کشتی ہچکولے لینا بند ہو گئی حضرت نوحؑ نے چاہا کہ جن کلمات سے مجھے نجات ملی ہے وہ ہمیشہ میرے پاس رہیں تو ان کلمات کا عربی ترجمہ "لا الہ الا اللہ الف مرۃ یا رب اصلحنی" یعنی اے میرے پروردگار میں ہزار مرتبہ یہ کہتا ہوں کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں تو میری حالت کی درستی فرما اور صلاحیت عطا فرما۔ اپنی انگوٹھی پر نقش کروالیا۔

جب حضرت ابراہیمؑ کو آگ میں ڈالنے کے لیے منجنیق میں بٹھایا گیا تو جبرائیلؑ کو غصہ آیا حق تعالیٰ نے جبرائیل کو وحی کی کہ تجھے غصہ کیوں آیا تو عرض کیا اے پروردگار ابراہیمؑ تیرا خلیل ہے اُسکے سوا زمین پر کوئی اور نہیں جو تیری واحدانیت کا اقرار کرے اور تو نے اپنے اور اُسکے دشمن کو اُس پر مسلط کر دیا ہے خدا نے جبرائیلؑ کو وحی کی کہ خاموش رہ معاملات میں وہ شخص جلدی کرتا ہے جو

Presented by www.ziaraat.com

تیری مانند بندۂ عاجز ہو اور جسے وقت کے ہاتھ سے نکل جائے کا خوف ہو ابراہیمؑ ہمارا بندہ ہے ہم جس وقت چاہیں اُسے آزاد کروا سکتے ہیں جبرائیلؑ نے ادھر سے مطمئن ہو کر ابراہیمؑ سے دریافت کیا کہ آپ کوئی خواہش رکھتے ہیں انہوں نے کہا ہاں مگر تجھ سے نہیں۔ حق تعالیٰ نے اُسی وقت اُن کے لیے زمرد کی انگوٹھی بھیجی جس پر یہ چھ کلمے تحریر (نقش) تھے "لا الہ الا اللہ" یعنی سوائے خدا کے کوئی معبود نہیں (۲) محمدؐ رسول اللہ" یعنی محمدؐ اللہ کے رسول ہیں (۳) ولا حول ولا قوۃ الا باللہ" یعنی سوائے وسیلہ خدا کے کسی شے میں کوئی قدرت و قوت نہیں۔

(۴) "فوضت امری الی اللہ" یعنی میں نے اپنا کاروبار خدا کے سپرد کر دیا ہے۔

(۵) "اسندت ظہری الی اللہ" یعنی میرا تکیہ و توکل صرف خدا پر ہی ہے۔

(۶) "حسبی اللہ" یعنی اللہ میرے لیے کافی ہے اور خدا نے ابراہیمؑ کو وحی فرمائی کہ یہ انگوٹھی اپنے ہاتھ میں پہن لو آگ تم پر سرد ہو جائے گی اور اس کی سردی بھی ایذا نہ دے گی۔

حضرت موسیٰؑ کے نگینے پر یہ دو کلمات نقش تھے جو توریت سے لیے گئے تھے "اصبر توء جوا صدق تنج"۔ یعنی صبر کر اجر پائے گا سچ بول نجات ملے گی۔

حضرت سلیمانؑ کی انگوٹھی کے نگینے پر یہ نقش درج تھا۔

"سبحانہ من الجم الجن بکلماتہ" یعنی پاک و پاکیزہ ہے وہ خدا جس نے جنات کی زبان اپنے کلمات سے بند کر دی ہے۔

حضرت عیسیٰؑ کی انگوٹھی کے نگینے پر یہ دو کلمات نقش تھے جو انجیل سے لیے گئے تھے "لعبد ذکر اللہ من اجلہ و ویل لعبد نسی اللہ من اجلہ"۔ یعنی خوشحال اُس بندے کا جس کی وجہ سے لوگ خدا کو یاد کریں اور بدحال اُس بندے کا جس کی وجہ سے لوگ خدا کو بھول جائیں۔

جنابِ رسولِ خدا کی انگوٹھی کا نقش یہ تھا "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" یعنی خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اللہ کے رسول ہیں، جناب امیرؑ کی انگوٹھی پر یہ نقش تھا "للہ الملک" یعنی حقیقی سلطنت خدا کی ہے۔

حضرت امام حسنؑ کی انگوٹھی کا نقش یہ تھا "العزۃ للہ" یعنی حقیقی غلبہ خدا کا ہے